مگر ایک چیز جو تمہاری سمجھ کے قریب تھی نہ سیکھ سکے۔ حالانکہ ہر بات سے پہلے اسے سیکھنا چاہیئے اور وہ یہ ہے کہ ہر سرزمین میں ایک خاص گھاس اُگتی ہے اور اسکے اُگنے کا ایک خاص وقت ہوتا ہے جس میں اسکی نشوونما ہوتی ہے تم نے یورپ کے علماء کو دیکھا ہوگا کہ وہ علوم کے کمالات میں ایک ایسی قوم میں مشغول ہیں جو اپنی ضروریات سے فراغت حاصل کر چکی ہے تم بھی مشغول ہوئے ان کی طرح ایسی قوم میں جسکا سوادِ اعظم حروف تہجی بھی نہیں جانتا ۔ اور تم نے دیکھا فلسفیوں کو جو کفر کے فلسفہ کو فروغ دے رہے ہیں ملحد قبائل میں جن کے عقول و آداب انہیں ایمان سے قدرے مستغنی کر سکتے ہیں تم بھی قوم میں ان کی نشر و اشاعت کرنے لگے ہو وہ قوم جو کمزور اور بالکل سادہ ہے کہ اسکے ایمان سے کوئی چیز بھی بے پرواہ نہیں کر سکتی ۔ اگر کوئی چیز ایسی ہو بھی جو اسے بے نیاز کرے تم نے دیکھا یورپین مرد بالکل آزاد ہے جو چاہے کرے اور جسطرح کی چاہے زندگی گزارے اس لئے کہ وہ اپنے نفس اور اپنے قدموں پر پورا پورا کنٹرول رکھتا ہے ۔ اس لمحہ میں جب وہ جانتا ہو کہ وہ آزادی کی ساری حدیں عبور کر چکا ہے جن کو اس نے اپنی ذات کے لئے مخصوص کیا تھا لیکن اُن حدود سے آگے قدم نہیں رکھتا تم چاہتے ہو کہ یہ آزادی تم اسے عطا کر دو جو ضعیف الارادہ اور ضعیف المقصد ہے جو گذار رہا ہے ۔ اپنی ادبی زندگی پھسلان چٹان کے کنارے پر اگر ایک قدم بھی پھسلا تو لڑھکتا چلا جائے گا پھر رُک نہ سکے گا ۔ حتیٰ کہ گڑھے تک پہنچ جائے گا اور وہاں ہلاک ہو جائے گا اور تم نے یورپین خاوند کو دیکھا جسکی غیرت کو ماحول نے بجھا دیا اور زائل کر دیا ۔ اس کے نفس کی حدت و خشونت کو اور دیکھ سکتا ہے اپنی بیوی کو ہر اس شخص کے پہلو میں جسے اسکی بیوی چاہے جس کے ساتھ وہ رفاقت کرے اور جس کے ساتھ وہ خلوت کرنا چاہے کر سکتی ہے اور اس مقام پر اس کا شوہر بدھو اور جامد بنا کھڑا رہتا ہے تو تم چاہتے ہو مشرقی غیور مرد سے یہی بات کہ وہ بھی ایسے موقعہ (خاموش تماشائی بنا) کھڑا رہے اور ضبط کرتا رہے اس (مغربی مرد کی) طرح اور تم نے یورپ کی عورت کو دیکھا جو جرأت مند اور بہادر بہت سے مقامات پر کھڑی ہو سکتی ہے۔

مَعَ الرِّجَالِ أَنْ تَحْتَفِظَ بِنَفْسِهَا وَكَرَامَتِهَا فَأَرَدْتُمْ مِنَ الْمَرْأَةِ الْمِصْرِيَّةِ الضَّعِيفَةِ السَّاذَجَةِ أَنْ تَبْرُزَ لِلرِّجَالِ بُرُوزَهَا ، وَتَحْتَفِظَ بِنَفْسِهَا احْتِفَاظَهَا !

وَكُلُّ نَبَاتٍ يُزْرَعُ فِي أَرْضٍ غَيْرَ أَرْضِهِ ، أَوْ فِي سَاعَةٍ غَيْرِ سَاعَتِهِ ، إِمَّا أَنْ تَأْبَاهُ الْأَرْضُ فَتَلْفِظَهُ ، وَإِمَّا أَنْ يَنْشَبَ فِيهَا فَيُفْسِدَهَا .

إِنَّا نَضْرَعُ إِلَيْكُمْ بِاسْمِ الشَّرَفِ الْوَطَنِيِّ وَالْحُرْمَةِ الدِّينِيَّةِ أَنْ تَتْرُكُوا تِلْكَ الْبَقِيَّةَ الْبَاقِيَةَ مِنْ نِسَاءِ الْأُمَّةِ مُطْمَئِنَّاتٍ فِي بُيُوتِهِنَّ ، وَلَا تُزْعِجُوهُنَّ بِأَحْلَامِكُمْ وَآمَالِكُمْ كَمَا أَزْعَجْتُمْ مَنْ قَبْلَهُنَّ ، فَكُلُّ جُرْحٍ مِنْ جُرُوحِ الْأُمَّةِ لَهُ دَوَاءٌ إِلَّا جُرْحَ الشَّرَفِ ، فَإِنْ أَبَيْتُمْ إِلَّا أَنْ تَفْعَلُوا فَانْتَظِرُوا بِأَنْفُسِكُمْ قَلِيلًا رَيْثَمَا تَنْتَزِعُ الْأَيَّامُ مِنْ صُدُورِكُمْ هٰذِهِ الْغَيْرَةَ الَّتِي وَرِثْتُمُوهَا عَنْ آبَائِكُمْ وَأَجْدَادِكُمْ لِتَسْتَطِيعُوا أَنْ تَعِيشُوا فِي حَيَاتِكُمْ الْجَدِيدَةِ سُعَدَاءَ آمِنِينَ .

• • •

فَمَا زَادَ الْفَتَى عَلَى أَنِ ابْتَسَمَ فِي وَجْهِي ابْتِسَامَةَ الْهُزْءِ وَالسُّخْرِيَةِ ، وَقَالَ : تِلْكَ حَمَاقَاتٌ مَا جِئْنَا إِلَّا لِنُعَالِجَهَا فَلْنَصْطَبِرْ عَلَيْهَا حَتَّى يَقْضِيَ اللّٰهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهَا ، فَقُلْتُ لَهُ : لَكَ أَمْرُكَ فِي نَفْسِكَ وَفِي أَهْلِكَ فَاصْنَعْ بِهِمَا مَا تَشَاءُ ، وَائْذَنْ لِي أَنْ أَقُولَ لَكَ إِنِّي لَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أَخْتَلِفَ إِلَى بَيْتِكَ بَعْدَ الْيَوْمِ إِبْقَاءً عَلَيْكَ وَعَلَى نَفْسِي ، لِأَنِّي أَعْلَمُ أَنَّ السَّاعَةَ الَّتِي يَنْفَرِجُ لِي فِيهَا جَانِبُ سِتْرٍ مِنْ أَسْتَارِ بَيْتِكَ عَنْ وَجْهِ امْرَأَةٍ مِنْ أَهْلِكَ تَقْتُلُنِي حَيَاءً وَخَجَلًا . ثُمَّ انْصَرَفْتُ . وَكَانَ هٰذَا فِرَاقُ مَا بَيْنِي وَبَيْنَهُ .

وَمَا هِيَ إِلَّا أَيَّامٌ قَلَائِلُ حَتَّى سَمِعْتُ النَّاسَ يَتَحَدَّثُونَ أَنَّ فُلَانًا هَتَكَ السِّتْرَ فِي مَنْزِلِهِ بَيْنَ نِسَائِهِ وَرِجَالِهِ ، وَأَنَّ بَيْتَهُ أَصْبَحَ مَغْشِيًّا

مردوں کے ساتھ جو اپنی عزت کا خود تحفظ کرسکتی ہے تو مصری کمزور اور سادہ لوح عورت سے بھی تم چاہتے ہو کہ وہ مردوں کے شانہ بشانہ نکلے اور مکمل طور پر اپنی حفاظت سرانجام دے ہر وہ نبات جو کسی دوسری زمین میں کاشت کی جائے یا اپنے وقت پر نہ بوئی جائے یا تو زمین برداشت نہ کرتے ہوئے اگل دے گی یا پھر وہ زمین کو ہی خراب کردے گی ہم آپ سے التجا کرتے ہیں وطنی شرافت اور عزت وحرمت دینی کے نام پر کہ چھوڑ دو قوم کی باقی عورتوں کو اپنے گھروں میں جو پُرسکون اور بے خوف زندگی گذار رہی ہیں۔ نہ گھبراؤ ان کو اپنے خوابوں اور اپنی آرزوؤں سے جیسا کہ تم ان سے قبل بھی تو عورتوں کو خوفزدہ کرچکے ہو۔ قوم کے ہر زخم کا علاج ممکن ہے مگر شرافت کے زخم کی کوئی دوا نہیں ہے۔ اگر تم ایسا کرنے سے باز نہیں آتے تو تھوڑا سا انتظار کرو دیکھو گے زمانہ تمہاری غیرت کو تمہارے سینوں سے نکال کر پھینک دے گا جس کے وارث ہوئے تم اپنے آباء واجداد سے کہ تم زندہ رہو اپنی اس جدید زندگی میں خوش بختی اور امن کے ساتھ

(یہ سب باتیں سُنکر) نوجوان سے صرف یہ ہُوا کہ تمسخر آمیز مسکراہٹ سے میری طرف دیکھا اور کہنے لگا ہم اپنی حماقتوں کے علاج کے لئے آئے ہیں ہم اس وقت تک صبر کریں گے۔ جب تک اللہ تعالیٰ ہمارے اور ان کے مابین فیصلہ صادر نہ فرما دے۔ میں نے اس سے کہا تمہیں اپنی ذات اور گھر والوں کا اختیار ہے۔ جو چاہے کیجئے لیکن مجھے اجازت دیجئے کہ میں آپ سے اتنا عرض کرسکوں کہ میں آج کے بعد تمہارے گھر نہیں آجا سکتا۔ اس لئے کہ آپ کا بھی خیال ہے اور اپنا بھی ہے کیونکہ میں جانتا ہوں کہ جس لمحہ آپ کے گھر سے کسی پردے سے عورت کا مُنہ کُھلا ہوگا تو میں مرجاؤں گا شرم وحیاء کے مارے اور پھر میں وہاں سے چلا آیا اسکے بعد میرے اور اسکے درمیان جدائی واقع ہوگئی

اور تھوڑے دن گذرے تھے کہ لوگوں سے میں نے سنا وہ بتا رہے تھے کہ فلاں آدمی نے اپنے گھر میں عورتوں مردوں کا پردہ اٹھا دیا۔ اور اسکے گھر دوستوں کی بھیڑ رہتی ہے۔

لا تزال النعال خافقة ببابه ، فذرفت عيني دمعة لا أعلم هل هي دمعة الغيرة على العرض المذال ، أو الحزن على الصديق المفقود؟

مرت على تلك الحادثة ثلاثة أعوام لا أزوره فيها ، ولا يزورني ، ولا ألقاه في طريقه إلا قليلاً فأحييه تحية الغريب للغريب من حيث لا يجري لما كان بيننا ذكر ثم أنطلق في سبيلي .

فإني لعائد إلى منزلي ليلة أمس ، وقد مضى الشطر الأول من الليل ، إذ رأيته خارجاً من منزله يمشي مشية الذاهل الحائر وبجانبه جندي من جنود الشرطة كأنما هو يحرسه أو يقتاده فأهمني أمره ودنوت منه فسألته عن شأنه فقال : لا علم لي بشيء سوى أن هذا الجندي قد طرق الساعة بابي يدعوني إلى مخفر الشرطة ، ولا أعلم لمثل هذه الدعوة في مثل هذه الساعة سبباً ، وما أنا بالرجل المذنب ، ولا المريب ، فهل أستطيع أن أرجوك يا صديقي بعد الذي كان بيني وبينك أن تصحبني الليلة في وجهي هذا علي أحتاج إلى بعض المعونة فيما قد يعرض لي هناك من الشؤون؟ قلت : لا أحب إلي من ذلك ، ومشيت معه صامتاً لا أحدثه ، ولا يقول لي شيئاً ، ثم شعرت كأنه يزور في نفسه كلاماً يريد أن يفضي به إلي فيمنعه الخجل والحياء ففاتحته الحديث وقلت له : ألا تستطيع أن تتذكر لهذه الدعوة سبباً ؟ فنظر إلي نظرة حائرة ، وقال : إن أخوف ما أخافه أن يكون قد حدث لزوجتي الليلة حادث ، فقد رابني من أمرها أنها لم تعد إلى المنزل حتى الساعة ، وما كان ذلك شأنها من قبل . قلت : أما كان يصحبها أحد؟ قال : لا ، قلت ، ألا تعلم المكان الذي ذهبت إليه؟ قال : لا ، قلت :

---

۱ کھٹکنا ۲ سپاہی ۔ شکری ۳ ہنکانا ۴ پریشان حیران

اور اسکے دروازے پر جوتے کھٹکھٹتے رہتے ہیں۔ یہ بات سُن کر میری آنکھوں سے آنسو ٹپکا معلوم نہیں یہ برباد ہونے والی عزت پر غیرت کا آنسو تھا یا گمشدہ دوست پر غم کا آنسو؟ یہ واقعہ گذرے تین سال کا عرصہ ہوگیا ہیں گیا نہ وہ آیا کبھی سرِ راہ ملاقات ہو جاتی تو ایک اجنبی کی طرح سلام کیا اور گذر گئے اس دوران کوئی بھی تذکرہ نہ ہُوا پھر میں نے راستہ ہی ترک کر دیا۔

کل رات میں گھر واپس آ رہا تھا رات کا پہلا حصّہ گذر چکا تھا۔ اچانک میں نے اسے دیکھا گھر سے نکلتے جیسے کوئی بھولا بھالا حیران و پریشان ہو اسکے ساتھ ایک سپاہی تھا گویا وہ اسکی نگرانی کر رہا ہے یا اسے ہنکا کر لے جا رہا ہے مجھے بڑا صدمہ ہوا اسکے اس واقعہ کا اس کا۔ میں اس کے پاس گیا اور اس کا معاملہ دریافت کیا کہنے لگا مجھے تو کچھ پتہ نہیں بس ابھی اس سپاہی نے میرے دروازے پر دستک دی کہ تمہیں تھانے بلایا گیا ہے۔ میں اس بلاوے کا کوئی سبب نہیں جان سکا۔ نہ میں مجرم ہوں اور نہ مشکوک ہوں اے دوست کیا میں اُمید کروں کہ آجکی شب آپ میرے ساتھ ہی گذاریں گے گو کہ آپکی اور میری کچھ رنجش سی ہوگئی تھی ہو سکتا ہے وہاں پر مجھے آپ کی کسی مدد کی ضرورت پڑے میں نے کہا بخوشی چلوں گا میں اس کے ساتھ خاموشی سے چلتا رہا نہ اس نے کوئی بات کہی اور نہ میں بولا پھر میں نے محسوس کیا گویا کہ وہ کچھ اپنے دل میں سوچ رہا ہے اور کوئی بات مجھ تک پہنچانا چاہتا ہے لیکن شرم و حیاء مانع ہے لہٰذا میں نے سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے کہا کہ کیا آپ مجھے اس بلاوے کا اصل سبب نہیں بتائیں گے تو میری طرف حیران اور سراسیمہ نظروں سے دیکھا اور کہنے لگا مجھے خدشہ ہے کہیں میری بیوی کو آج رات کوئی حادثہ پیش آیا ہو! یہ شک اس لئے پیدا ہوا ہے کہ وہ ابتک گھر نہیں لوٹی حالانکہ ایسا کبھی پہلے تو نہیں ہُوا۔ میں نے کہا۔

کیا اسکے ساتھ کوئی تھا؟ کہنے لگا "نہیں"

میں نے کہا۔ "کیا تم جانتے ہو وہ کہاں گئی تھی۔

بولا۔ "نہیں" میں نے کہا۔

وَمِمَّ تخافُ عليها ؟ قالَ : لا أخافُ شيئاً سوى أنّي أعلمُ أنها امرأةٌ غيورٌ حمقاءُ فلعلّ بعضَ الناسِ حاولَ العبثَ بها في طريقها فشرسَت عليه فوقعت بينهما واقعةٌ انتهى أمرُها إلى مخفرِ[1] الشرطةِ وكنّا قد وصلنا إلى المخفرِ فاقتادنا الجنديُّ إلى قاعةِ المأمورِ فوقفنا بين يديه . فأشارَ إلى جنديٍّ أمامه إشارةً لم نفهمها ، ثمّ استدنى الفتى إليه وقالَ له يسوءُني أن أقولَ لكَ يا سيّدي إنّ رجالَ الشرطةِ قد عثروا الليلةَ في مكانٍ من أمكنةِ الريبةِ برجلٍ وامرأةٍ في حالٍ غيرِ صالحةٍ فاقتادوهما إلى المخفرِ فزعمتِ المرأةُ أنّ لها بكَ صلةً فدعوناكَ لتكشفَ لنا الحقيقةَ في أمرِها . فإن كانت صادقةً أذِنّا لها بالانصرافِ معكَ إكراماً لكَ وإبقاءً على شرفِكَ ، وإلّا فهي امرأةٌ عاهرةٌ[2] لا نجاةَ لها من عقابِ الفاجراتِ ، وها هما وراءكَ فانظرهما ، وكانَ الجنديُّ قد جاءَ بهما من غرفةٍ أخرى ، فالتفتَ وراءَه فإذا المرأةُ زوجتُه وإذا الرجلُ أحدُ أصدقائِه ، فصرخَ صرخةً رجفتْ[3] لها جوانبُ المخفرِ وملأت نوافذَه وأبوابَه عيوناً وآذاناً ، ثمّ سقطَ في مكانِه مغشيّاً عليه ، فأشرتُ على المأمورِ أن يرسلَ المرأةَ إلى منزلِ أبيها ففعلَ وأطلقَ سبيلَ صاحبِها ، ثمّ حملنا الفتى في مركبةٍ إلى منزلِه ودعونا له الطبيبَ فقرّرَ أنّه مصابٌ بحمّى دماغيّةٍ شديدةٍ ، ولبثَ ساهراً بجانبِه بقيّةَ الليلِ يعالجُه حتّى دنا الصبحُ فانصرفَ على أن يعودَ متى دعوناه ، وعهدَ إليّ بأمرِه فلبثتُ بجانبِه أرثي لحالِه وأنتظرُ قضاءَ اللهِ فيه حتّى رأيتُه يتحرّكُ في مضجعِه ، ثمّ فتحَ عينيه فرآني فلبثَ شاخصاً إليّ هنيهةً كأنّما يحاولُ أن يقولَ لي شيئاً فلا يستطيعُه ، فدنوتُ منه وقلتُ له : هل من حاجةٍ يا سيّدي ؟ فأجابَ بصوتٍ ضعيفٍ خافتٍ[4] : حاجتي أن لا يدخلَ عليَّ من الناسِ أحدٌ ، قلتُ : لن يدخلَ عليكَ إلّا من تريدُ ، فأطرقَ هنيهةً ، ثمّ رفعَ رأسَه فإذا عيناه مخضلّتانِ بالدموعِ ، فقلتُ :

---

۱ پولیس اسٹیشن ۲ بدکارہ عورت ۔ زنا کے لئے جانا
۳ حرکت دینا ۴ تیز تیز ۔

کس بات کا خطرہ ہے کہنے لگا کچھ نہیں بس وہ ایک خود دار احمق عورت ہے شاید کہ راہ چلتے لوگوں نے کوئی حرکت کی ہو اور وہ بگڑ گئی ہو اور پھر اس سے کوئی واقعہ بن گیا ہو جسکی بناء پر بات تھانے پہنچ چکی ہے اتنے میں ہم پولیس سٹیشن پہنچ گئے سپاہی ہمیں تھانے دار کے پاس لے گیا۔ اس کے سامنے کھڑے ہوئے تو اس نے سپاہی کو اشارہ کیا جسکو ہم نہ سمجھ سکے پھر نوجوان کو قریب بلا کر کہا مجھے افسوس ہے جناب آپ سے جو کچھ کہنے والا ہوں آج رات پولیس کے آدمی ایک مشتبہ جگہ سے ایک مرد اور عورت کو تھانے میں پکڑ لائے ہیں جو غیر شائستہ حالت میں تھے۔ عورت نے آپ کے تعلق قرابت داری کا اظہار ہے۔ ہم نے آپکو اس لئے بلایا ہے کہ حقیقت معاملہ واضح ہو جائے اگر تو وہ سچی ہے تو ہم آپ کے ساتھ جانے کی اجازت دیں آپکے احترام اور شرافت کی خاطر ورنہ تو وہ ایک بدمعاش عورت ہے جس کا کوئی چھٹکارہ نہیں بلکہ اسکے جرم کی اسے سزا ملے گی اور لیجئے وہ دونوں آپکے پیچھے ہیں ذرا دیکھئے انہیں سپاہی ان کو دوسرے کمرے سے لے آیا ہے اس نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو اسکی بیوی تھی اور مرد اس کا ایک دوست تھا وہ ایسے زور سے چیخا کہ تھانہ کے در و دیوار ہل گئے اور اسکے دروازوں اور روشندانوں پر آنکھیں اور کان لگ گئے پھر غش کھا کر گر پڑا میں نے تھانیدار سے کہا کہ عورت کو اسکے باپ کے گھر بھیج دیا جائے۔ اس نے ایسا کیا اور اسکے ساتھی کو چھوڑ دیا۔ پھر ہم نوجوان کو گاڑی میں سوار کر کے گھر لے گئے اور ڈاکٹر کو بلایا۔ ڈاکٹر نے تشخیص کی اسے سخت دماغی بخار ہے اور ٹھہرا باقی رات جاگتے ہوئے اس کے پاس علاج معالجہ کرتے ہوئے حتیٰ کہ صبح ہو گئی ڈاکٹر یہ وعدہ کر کے چلا گیا کہ جب آپ بلائیں گے آجاؤنگا اور خدمت تیمار داری میرے ذمہ لگا گیا۔ میں اسکے پاس بیٹھا اسکی حالت پر ترس کھاتا رہا اور خدا کے فیصلے کا منتظر رہا حتیٰ کہ میں نے دیکھا کہ اس نے بستر پر حرکت کی ہے پھر آنکھیں کھولیں مجھے دیکھا تو کچھ دیر آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھتا رہا گویا وہ مجھ سے کچھ کہنا چاہتا ہے جو کہہ نہیں پاتا تھا میں اسکے قریب ہوا اور کہا کیا کسی چیز کی ضرورت ہے؟ تو اس نے بڑی ہی دھیمی آواز سے جواب دیا ضرورت یہ ہے کہ میرے پاس کوئی بھی نہ آئے میں نے کہا کوئی نہیں آئے گا مگر جسے آپ چاہیں گے وہی آ سکے گا۔ اس نے تھوڑی دیر کے لئے سر جھکایا اور پھر سر اٹھایا تو اسکی دونوں آنکھیں آنسوؤں سے تر تھیں۔ میں نے کہا

مَا بُكَاؤُكَ يَا سَيِّدِي؟ قَالَ ، أَتعلمُ أَيْنَ زَوْجَتِي الْآنَ؟ قُلْتُ : وَمَاذَا تُرِيدُ مِنهَا؟ قَالَ : لَا شَيْءَ سِوَى أَنْ أَقُولَ لَهَا إِنِّي قَدْ عَفَوْتُ عَنْهَا ، قُلْتُ : إِنَّهَا فِي بَيْتِ أَبِيهَا ، قَالَ : وَارَحْمَتَاهُ لَهَا وَلِأَبِيهَا وَلِجَمِيعِ قَوْمِهَا فَقَدْ كَانُوا قَبْلَ أَنْ يَتَّصِلُوا بِي شُرَفَاءَ أَمْجَاداً فَأَلْبَسْتُهُمْ مُذْ عَرَفُونِي ثَوْباً مِنَ الْعَارِ لَا تُبْلِيهِ الْأَيَّامُ .

مَنْ لِي بِمَنْ يُبَلِّغُهُمْ عَنِّي جَمِيعاً أَنَّنِي مَرِيضٌ مُشْرِفٌ ، وَأَنَّنِي أَخْشَى لِقَاءَ اللهِ إِنْ لَقِيتُهُ بِدِمَائِهِم ، وَأَنَّنِي أَضْرَعُ إِلَيْهِمْ أَنْ يَصْفَحُوا عَنِّي وَيَغْتَفِرُوا زَلَّتِي ، قَبْلَ أَنْ يَسْبِقَ إِلَيَّ أَجَلِي؟

لَقَدْ كُنْتُ أَقْسَمْتُ لِأَبِيهَا يَوْمَ اهْتَدَيْتُهَا أَنْ أَصُونَ عِرْضَهَا صِيَانَتِي لِحَيَاتِي ، وَأَنْ أَمْنَعَهَا مِمَّا أَمْنَعُ مِنْهُ نَفْسِي ، فَحَنِثْتُ فِي يَمِينِي فَهَلْ يَغْفِرُ لِي ذَنْبِي فَيَغْفِرُ لِي اللهُ بِغُفْرَانِهِ؟

نَعَمْ إِنَّهَا قَتَلَتْنِي ! وَلٰكِنَّنِي أَنَا الَّذِي وَضَعْتُ فِي يَدِهَا الْخَنْجَرَ الَّذِي أَغْمَدَتْهُ فِي صَدْرِي فَلَا يَ لَهَا أَحَدٌ عَنْ ذَنْبِي .

الْبَيْتُ بَيْتِي ، وَالزَّوْجَةُ زَوْجَتِي ، وَالصَّدِيقُ صَدِيقِي ، وَأَنَا الَّذِي فَتَحْتُ بَابَ بَيْتِي لِصَدِيقِي إِلَى زَوْجَتِي ، فَلَمْ يُذْنِبْ إِلَيَّ أَحَدٌ سِوَايَ .

ثُمَّ أَمْسَكَ عَنِ الْكَلَامِ هُنَيْهَةً ، فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ فَإِذَا سَحَابَةٌ سَوْدَاءُ تَنْتَشِرُ فَوْقَ جَبِينِهِ شَيْئاً فَشَيْئاً ، حَتَّى لَبِسَتْ وَجْهَهُ فَزَفَرَ زَفْرَةً خِلْتُ أَنَّهَا خَرَقَتْ حِجَابَ قَلْبِهِ ، ثُمَّ أَنْشَأَ يَقُولُ :

آهٍ مَا أَشَدَّ الظَّلَامَ أَمَامَ عَيْنِي ! وَمَا أَضْيَقَ الدُّنْيَا فِي وَجْهِي ! فِي هٰذِهِ الْغُرْفَةِ عَلَى هٰذَا الْمَقْعَدِ تَحْتَ هٰذَا السَّقْفِ كُنْتُ أَرَاهُمَا

(١) بزرگ کے خاطر کے سانس لینا۔ ذبح کرنا کے تلوار کا بیان

کیوں روتے ہیں جناب ؟ کہنے لگا آپ کو معلوم ہے اس وقت میری بیوی کہاں ہوگی میں نے کہا آپ اس سے کیا چاہتے ہیں ؟ کہنے لگا کچھ نہیں بس یہی کہنا چاہتا ہوں کہ میں نے تجھے معاف کیا۔ میں نے کہا وہ اپنے باپ کے گھر ہے کہتے لگا خدا اس کے باپ پر اور اسکی پوری قوم پر رحم فرمائے جب تک مجھ سے ان کا کوئی تعلق نہ تھا تو وہ انتہائی شریف تھے۔ اور جب میرے ساتھ ان کا تعلق ہوا تو میں نے انہیں ننگ و عار کا ایسا لباس پہنایا جس کو زمانہ پرانا نہ کر سکے گا کون ہے جو میرا پیغام ان سب تک پہنچا دے کہ میں قریب المرگ مریض ہوں۔ اور مجھے ڈر ہے۔ کہ اگر اللہ سے ملونگا ان کے خون میری گردن پر ہونگے۔ لہذا میں ان سے التجا کرتا ہوں کہ وہ مجھے درگزر کر دیں۔ اور میری لغزش کو بخش دیں۔ اس سے پہلے کہ میری طرف موت سبقت کرے۔ میں نے عہد کیا تھا۔ اس کے باپ سے جس دن وہ میرے حوالے کی گئی کہ میں اس کی عزت و ابرو کی ایسے حفاظت کروں گا جیسے اپنی زندگی کی حفاظت کرتا ہوں۔ اور اسے ہر اس چیز سے محفوظ رکھوں گا جس سے میں اپنے کو محفوظ رکھتا ہوں۔ مجھ سے وعدہ پورا نہیں ہو سکا۔ کیا وہ بخش دے گا میرے گناہوں کو تاکہ اللہ تعالیٰ اس کے بخشنے کی وجہ سے میری مغفرت فرمادے۔ جی ہاں اسنے ہی مجھے قتل کیا ہے لیکن جس خنجر کو اس نے میرے سینے میں گھونپا۔ وہ میں نے ہی اُسکے ہاتھ میں تھمایا تھا۔ لہذا میرے کردہ گناہوں کے بارے میں مسئول نہیں ٹھہرنا چاہیئے۔ گھر میرا گھر ہے بیوی میری بیوی ہے۔ اور دوست میرا دوست ہے اور میں نے ہی اپنے گھر کا دروازہ اپنی بیوی تک پہنچنے کے لئے خود ہی کھولا میرے سوا کسی نے مجھ پر زیادتی نہیں کی۔ پھر تھوڑی دیر کے لئے بات کرنے سے رُک گیا میں نے اسکی طرف دیکھا کہ سیاہ بادل اس کی پیشانی پر آہستہ آہستہ چھا رہا ہے۔ حتیٰ کہ بتدریج اس کے چہرے پر چھا گیا اس نے ایک ایسی گرم آہ کھینچی میں نے خیال کیا کہ اسکے دل کا پردہ جل گیا ہے۔ پھر وہ کہنے لگا۔

آہ کسقدر اندھیرا ہے میری آنکھوں کے آگے اور کتنی تنگ ہے یہ دنیا مجھ پر اس کمرہ میں اس صوفے پر اس چھت کے نیچے دیکھتا تھا۔ اِن دونوں کو

جَالِسَيْنِ يَتَحَدَّثَانِ فَتَمْلأُ نَفْسِي غِبْطَةً وَسُرُوراً وَأَحْمَدُ اللهَ عَلَى أَنْ رَزَقَنِي بِصَدِيقٍ وَفِيٍّ يُؤْنِسُ زَوْجَتِي فِي وَحْدَتِهَا، وَزَوْجَةٍ سَمْحَةٍ كَرِيمَةٍ تُكْرِمُ صَدِيقِي فِي غَيْبَتِي، فَقُولُوا لِلنَّاسِ جَمِيعاً: إِنَّ ذَلِكَ الرَّجُلَ الَّذِي كَانَ يَفْخَرُ بِالأَمْسِ بِذَكَائِهِ وَفِطْنَتِهِ وَيَزْعُمُ أَنَّهُ أَكْيَسُ النَّاسِ وَأَحْزَمُهُمْ قَدْ أَصْبَحَ يَعْتَرِفُ الْيَوْمَ أَنَّهُ أَبْلَهُ إِلَى الْغَايَةِ مِنَ الْبَلاهَةِ، وَغَبِيٌّ إِلَى الْغَايَةِ الَّتِي لَا غَايَةَ وَرَاءَهَا.

وَالَهْفَا عَلَى أُمٍّ لَمْ تَلِدْنِي وَأَبٍ عَاقِرٍ لَا نَصِيبَ لَهُ فِي الْبَنِينَ.

لَعَلَّ النَّاسَ كَانُوا يَعْلَمُونَ مِنْ أَمْرِي مَا كُنْتُ أَجْهَلُ، وَلَعَلَّهُمْ كَانُوا إِذَا مَرَرْتُ بِهِمْ يَتَنَاظَرُونَ وَيَتَغَامَزُونَ وَيَبْتَسِمُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ، أَوْ يُحَدِّقُونَ إِلَيَّ وَيُطِيلُونَ النَّظَرَ فِي وَجْهِي لِيَرَوْا كَيْفَ تَتَمَثَّلُ الْبَلاهَةُ فِي وُجُوهِ الْبُلْهِ، وَالْغَبَاوَةُ فِي وُجُوهِ الأَغْبِيَاءِ!...

وَلَعَلَّ الَّذِينَ كَانُوا يَتَوَدَّدُونَ إِلَيَّ وَيَتَمَسَّحُونَ بِي مِنْ أَصْدِقَائِي إِنَّمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ذَلِكَ مِنْ أَجْلِهَا لَا مِنْ أَجْلِي؟ وَلَعَلَّهُمْ كَانُوا يُسَمُّونَنِي فِيمَا بَيْنَهُمْ قَوَّاداً وَيُسَمُّونَ زَوْجَتِي مُومِساً، وَبَيْتِي مَاخُوراً وَأَنَا عِنْدَ نَفْسِي أَشْرَفُ النَّاسِ وَأَنْبَلُهُمْ!.

فَوَارَحْمَتَاهُ لِي إِنْ بَقِيتُ عَلَى ظَهْرِ الأَرْضِ بَعْدَ الْيَوْمِ سَاعَةً وَاحِدَةً، وَوَالَهْفَا عَلَى زَاوِيَةٍ مُنْفَرِدَةٍ فِي قَبْرٍ مُوحِشٍ يَطْوِينِي وَيَطْوِي عَارِي مَعِي.

ثُمَّ أَغْمَضَ عَيْنَيْهِ وَعَادَ إِلَى ذُهُولِهِ وَاسْتِغْرَاقِهِ.

وَلَمَّا دَخَلَتِ الْحُجْرَةَ مُرْضِعُ وَلَدِهِ تَحْمِلُهُ عَلَى يَدِهَا حَتَّى وَضَعَتْهُ

---

۱ رشک ۲ سخاوت ۳ اشارہ کرنا ۴ ضعیف العقل، کمزور رائے والا
۵ قحبہ خانہ ۶ دایہ - دودھ پلانے والی ۔

بیٹھے ہوئے باتیں کرتے تو میرا دل خوشی اور سرور سے لبریز ہو جاتا تھا اور اللہ کا شکر ہے مجھے اس نے ایسا دوست دیا جو میری زوجہ کے تخلیہ میں اس کا دل بہلاتا ہے اور ایک فیاض شریف بیوی جو میری غیر موجودگی میں میرے دوست کی عزت کرتی ہے تمام لوگوں سے کہدو وہ شخص جو کل تک فخر کرتا تھا اپنی ذکاوت و فطانت پر اور گمان کرتا تھا کہ وہ سب سے زیادہ عقلمند اور ہوشیار ہے آج اعتراف کرتا ہے کہ وہ انتہائی درجے کا بیوقوف اور ایسا احمق ہے کہ حماقت کا اسکے بعد کوئی درجہ باقی نہیں رہتا ۔ افسوس مجھے میری ماں نہ جنتی اور میرا ... بے اولاد ہوتا جس کے نصیب میں کوئی بیٹا نہ ہوتا شاید لوگ جانتے ہوں میرے معاملات جن سے میں ناواقف تھا شاید وہ مجھے گذرتا دیکھتے ہوں گے تو آپس میں آنکھیں مارتے ہوں گے ایک دوسرے کو مسکرا کر دیکھتا ہوگا یا مجھے غور سے دیکھتے ہوں گے اور میرے چہرے کو تاڑتے ہوں گے تاکہ دیکھیں احمقانہ پن کیسے احمقوں کے چہروں پر متشکل ہو جاتا ہے ۔ اور بے وقوفی کیسے بے وقوفوں کے چہروں سے مترشح ہوتی ہے شاید کہ لوگ جو مجھ سے محبت کرتے تھے اور مجھے اپنا دوست بتاتے تھے یہ سب کچھ میری وجہ سے نہیں بلکہ میری بیوی کی خاطر کرتے تھے شاید کہ وہ مجھے پکارتے ہوں گے آپس میں قرم ساق کے نام سے اور میری بیوی کو قحبہ اور میرے گھر کو قحبہ خانہ کے نام سے حالانکہ میں اپنے آپ کو سب سے زیادہ شریف اور معزز سمجھتا رہا ۔ خدا تعالیٰ مجھ پر رحمت کرے آج کے بعد اگر میں زمین پر ایک گھڑی بھی زندہ رہوں ۔ افسوس ہے اس گوشۂ تنہائی پر جو وحشتناک قبر میں مجھے اور میری ننگ و عار کے لئے ہوگا ۔

پھر اس نے آنکھیں بند کر لیں

اسی اثناء میں بچے کی دایہ اسے اپنے ہاتھ سے اٹھا کے لائی

بجانب فراشه ثم تركته وانصرفت ، فما زال الطفل يدبّ على أطرافه حتى علا صدر أبيه فأحسّ به ففتح عينيه فرآه فابتسم لمرآه وضمّه إلى صدره ضمّة الرفق والحنان وأدنى فمه من وجهه ليقبله ، ثم انتفض فجأة واستنسر بشره ودفعه عنه بيده دفعة شديدة وأخذ يصيح : أبعدوه عني لا أعرفه ، ليس لي أولاد ولا نساء ، سلوا أمه عن أبيه من هو واذهبوا به إليه ؟ لا ألبس العار في حياتي وأتركه أثراً خالداً ورائي بعد مماتي ؛ وكانت المرضع قد سمعت صياح الطفل فعادت إليه وحملته وذهبت به ؛ فسمع صوته وهو يبتعد عنه شيئاً فشيئاً فأنصت إليه واستعبر باكياً وصاح : أرجعوه إليّ ، فعادت به المرضع فتناوله من يدها وأنشأ يقلب نظره في وجهه ويقول :

في سبيل الله يا بنيّ ما خلف لك أبوك من اليتم ، وما خلفت لك أمك من العار فاغفر لهما ذنبهما إليك ، فلقد كانت أمك امرأة ضعيفة فعجزت عن احتمال صدمة القضاء فسقطت ، وكان أبوك محسناً في جريمته التي اجترمها ، فأساء من حيث أراد الإحسان .

سواء أكنت ولدي يا بنيّ أم ولد الجريمة فإني قد سعدت بك حقبة من الدهر فلا أنسى يدك عندي حياً أو ميتاً ! ثم احتضنه إليه ، وقبله في جبينه قبلة لا أعلم هل هي قبلة الأب الرحيم أو المحسن الكريم ؟

وكان قد بلغ منه الجهد فعاودته الحمّى وغلت نارها في رأسه ، وما زال يثقل شيئاً فشيئاً حتى خفت عليه التلف ، فأرسلت وراء الطبيب فجاء وألقى عليه نظرة طويلة ثم أسترّدها مملوءة يأساً

لہ رینگنا۔ چلنا ۲ے چمٹانا۔ ملانا۔ ظلم ۳ے چھاڑنا ۴ے جوش مارنا۔

اور بستر کے پاس چھوڑ
کر چلی گئی بچہ اپنے باپ کے گرد رینگتا ہوا اس کے سینے پر چڑھ آیا اس نے محسوس کیا تو آنکھیں کھولیں اسے دیکھا اور مسکرایا اور محبت و شفقت سے سینے سے چمٹالیا۔ اور بوسہ دینے کے لئے اپنا منہ اسکے رخسار کے قریب کیا پھر اچانک جھرجھری لی اور چہرہ کملا گیا اور زور سے اسکو اپنے ہاتھ سے دھکا دیا اور چیخا اسے مجھ سے دور لے جاؤ میں نہیں جانتا نہ میرا کوئی بچہ اور نہ بیوی ہے پوچھو اس کی ماں سے اس کا باپ کون ہے؟ اور اس کے پاس لے جاؤ میں اپنی زندگی میں عار کا لباس نہیں پہنتا اور اپنے مرنے کے بعد ہمیشہ کے لئے اس کے اثرات چھوڑ جاؤں۔ آیہ نے بچے کے چیخنے کی آواز سنی وہ واپس آئی اور اسے اٹھا کر لے گئی اس نے آواز سنی اور وہ آہستہ آہستہ دور ہو رہی تھی اسکی طرف متوجہ ہوا اور رونے لگا اور چیخا۔ اسے میرے پاس لے آؤ آیہ واپس لے آئی اس نے اس کے ہاتھ سے لے لیا اور جلی نظر سے اسکے چہرے کو تاڑنے لگا اور کہنے لگا۔

خدا کے لئے بیٹیا اپنے باپ کی طرف
سے ملی ہوئی ورثہ بن یتیمی کو اور اپنی ماں کی طرف سے عار کو بخش دے۔ تیری ماں ایک کمزور عورت تھی لہذا وہ عاجز آ گئی۔ قدرت خداوندی کے سامنے اور وہ گر پڑی۔ اور تیرے باپ کا جرم بنظر اصلاح و احسان تھا لیکن وہ بجائے احسان و اصلاح کے برائی کر بیٹھا برابر ہے تو میرا بیٹا ہو یا اپنی مجرم ماں کا۔ میں نے تجھ سے کافی عرصہ خوش بختی حاصل کی (اپنا دل بہلایا) لہذا میں کبھی نہیں بھول سکتا تیرے احسان کو خواہ زندہ رہوں یا مر جاؤں پھر اسے گود میں لیا اور اسکی پیشانی کو بوسہ دیا۔ معلوم نہیں یہ بوسہ ایک شفیق باپ کا تھا یا معزز محسن کا• جب اسکی حالت کافی بہتر ہو چکی تھی۔ بخار پھر لوٹ آیا۔

اسکے سر میں آگ جوش مارنے لگی رفتہ رفتہ وہ بوجھل ہوتا چلا گیا۔ حتیٰ کہ اسکی ہلاکت کا مجھے اندیشہ ہوا لہذا میں نے ڈاکٹر کو بلانے کے لئے آدمی بھیجا وہ آیا اور اس پر ایک طویل نظر ڈالی اور پھر خوف و ناامیدی سے لبریز نظر واپس کر لی۔

وَحُزْنًا

ثُمَّ بَدَأَ يَنْزِعُ نَزْعاً شَدِيداً وَيَئِنُّ أَنِيناً مُؤْلِماً فَلَمْ تَبْقَ عَيْنٌ مِنَ الْعُيُونِ الْمُحِيطَةِ بِهِ إِلَّا ارْفَضَّتْ عَنْ كُلِّ مَا تَسْتَطِيعُ أَنْ تَجُودَ بِهِ مِنْ مَدَامِعِهَا .

فَإِنَّا لَجُلُوسٌ حَوْلَهُ وقد بَدَأَ الْمَوْتُ يُسْبِلُ أَسْتَارَهُ السَّوْدَاءَ عَلَى سَرِيرِهِ وَإِذَا امْرَأَةٌ مُؤْتَزِرَةٌ بِإِزَارٍ أَسْوَدَ قَدْ دَخَلَتِ الْحُجْرَةَ وَتَقَدَّمَتْ نَحْوَهُ بِبُطْءٍ حَتَّى رَكَعَتْ بِجَانِبِهِ ثُمَّ أَكَبَّتْ عَلَى يَدِهِ الْمَوْضُوعَةِ فَوْقَ صَدْرِهِ فَقَبَّلَتْهَا وَأَخَذَتْ تَقُولُ لَهُ :

لَا تَخْرُجْ مِنَ الدُّنْيَا وَأَنْتَ مُرْتَابٌ فِي وَلَدِكَ فَإِنَّ أُمَّهُ تَعْتَرِفُ بَيْنَ يَدَيْكَ وَأَنْتَ ذَاهِبٌ إِلَى رَبِّكَ ، أَنَّهَا وَإِنْ كَانَتْ قَدْ دَنَتْ مِنَ الْجَرِيمَةِ وَلٰكِنَّهَا لَمْ تَرْتَكِبْهَا ، فَاعْفُ عَنِّي يَا وَالِدَ وَلَدِي وَاسْأَلِ اللهَ عِنْدَمَا تَقِفُ بَيْنَ يَدَيْهِ أَنْ يُلْحِقَنِي بِكَ فَلَا خَيْرَ لِي فِي الْحَيَاةِ مِنْ بَعْدِكَ .

ثُمَّ انْفَجَرَتْ بَاكِيَةً .. فَفَتَحَ عَيْنَيْهِ ، وَأَلْقَى عَلَى وَجْهِهَا نَظْرَةً بَاسِمَةً . كَانَتْ هِيَ آخِرَ عَهْدِهِ بِالْحَيَاةِ وَقَضَى .

• • •

الْآنَ عُدْتُ مِنَ الْمَقْبَرَةِ بَعْدَ مَا دَفَنْتُ صَدِيقِي بِيَدِي وَأَوْدَعْتُ حُفْرَةَ الْقَبْرِ ذٰلِكَ الشَّبَابَ النَّاضِرَ ، وَالرَّوْضَ الزَّاهِرَ ، وَجَلَسْتُ لِكِتَابَةِ هٰذِهِ السُّطُورِ وَأَنَا لَا أَكَادُ أَمْلِكُ مَدَامِعِي وَزَفَرَاتِي ، فَلَا يَهُونُ وَجْدِي عَلَيْهِ ، إِلَّا أَنَّ الْأُمَّةَ كَانَتْ عَلَى بَابِ خَطَرٍ عَظِيمٍ مِنْ أَخْطَارِهَا فَتَقَدَّمَ هُوَ أَمَامَهَا إِلَى ذٰلِكَ الْخَطَرِ وَحْدَهُ ، فَاقْتَحَمَهُ ، فَمَاتَ شَهِيداً فَنَجَتْ بِهَلَاكِهِ .

---

[١] رونا [٢] پھوٹ پھوٹ کر رونا [٣] مسکراہٹ [٤] غم [٥] شفقت کیا تھ کسی خطرہ میں پھنساؤ۔

پھر سخت نزع شروع ہوا اور دردناک چیخیں مارنے لگا کوئی بھی آنکھ آس پاس والوں کی بغیر روئے نہ رہ سکی ہم اسکے اطراف میں بیٹھے تھے اور موت آہستہ آہستہ سیاہ پردے اس کی چارپائی پر ڈال رہی تھی کہ اچانک ایک عورت سیاہ چادر لپیٹے ہوئے کمرے میں آئی اور بوجھل قدموں سے اسکی طرف پیشقدمی کی حتیٰ کہ اس کے پاس آکر جھک گئی پھر اس کے سینے پر بوسہ دے کر کہنے لگی۔

تو اپنے بچے کے بارے میں شک و شبہ کی حالت میں اس دُنیا سے مت جا اسکی ماں تو تیرے سامنے اپنے قصور کا اعتراف کرتی ہے اور تو خدا کے پاس جا رہا ہے اگرچہ میں گناہ کے قریب تھی لیکن گناہ کی مرتکب نہیں ہوئی۔ اے میرے بیٹے کے باپ مجھے معاف کر دے اور میں اللہ سے دُعا کرتی ہوں کہ جب آپ اس کے سامنے کھڑے ہوں تو مجھے بھی آپ کے ساتھ وہ بلالے کیونکہ میرے لئے آپ کے بعد زندگی میں کوئی بھلائی نہیں ہے پھر وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی اس نے اپنی آنکھوں کو کھولا اور اسکے چہرے پر ایک متبسم نظر ڈالی یہ اسکی زندگی کی آخری نظر تھی اور مر گیا۔

اب میں مقبرہ سے واپس آیا ہوں اپنے ہاتھوں سے اپنے دوست کو دفن کرنے اور قبر کے گڑھے میں اسکے تر و تازہ اور شاب اور درخشاں پھول کو رکھنے کے بعد یہ سطور لکھنے بیٹھا ہوں میرے آنسو اور میری آہیں میرے قابو میں نہیں رہے اسکے باوجود بھی میرا غم ہلکا نہیں ہو رہا ہے۔

یہاں اس بات سے ذرا تسلّی ملتی ہے کہ قوم ایک زبردست خطرے کے سامنے کھڑی تھی کہ اس نے پیش رفت کی اور اس میں کود پڑا۔ شہید کی موت مرا اور قوم کو ہلاکت سے بچا لیا۔

الذکریٰ — یاد

خلاصہ

یہ بنو احمر کی تاریخی داستان ہے جبکہ غرناطہ کا آخری شہنشاہ ابو عبداللہ شکست کھانے کے بعد جبل طارق کے درمیان بحیرۂ روم کے ساحل پر جہاز میں سوار ہونے کے لئے کھڑا تھا اور اپنی ٹوٹی پھوٹی حکومت کو بڑی شکستہ نظری سے دیکھ رہا تھا کہ سامنے ایک غار سے عابد و زاہد بوڑھا بادشاہ کو مخاطب کرتا ہے اور کہتا ہے تمہارے دورِ اقتدار میں بداعتدالیوں سے جو نتائج بدمرتب ہوئے ہیں اس کے ذمہ دار صرف تم ہو۔ اپنی طویل تقریر کے بعد بوڑھا واپس غار میں چلا جاتا ہے اور بادشاہ اپنے خاندان سمیت جہاز میں سوار ہو کر ملک بدر ہو جاتا ہے اس واقعہ کو چوبیس سال گزر جانے کے بعد اس خاندان کا ایک نوجوان سعید اپنے آباء و اجداد کی میراث دیکھنے کے لئے ایک عربی حکیم کا بھیس بدل کر غرناطہ آتا ہے اسکی ملاقات ایک اسپانوی لڑکی فلوزنڈا سے ہوتی ہے۔ جس کے باپ کو اس وقت کی ظالم حکومت قتل کر دیتی ہے۔ اب وہ رہبانیت اختیار کئے ہوئے زندگی بسر کر رہی تھی دونوں کے مابین محبت کا مضبوط بندھن قائم ہو جاتا ہے۔ اور لڑکی سعید کو غرناطہ کے مشہور مقامات کی سیر کراتی ہے لیکن جس دن انہوں نے قصرِ حمرا (جو غرناطہ کے سلاطین اسلام کی حسین و جمیل طرزِ تعمیر کا ایک شاہکار نمونہ ہے) کی سیر کی تو سعید اپنے دادا کے محل کے سامنے پہنچ کر تاب نہ لاتے ہوئے بیہوش ہو کر گر پڑتا ہے۔ لڑکی سعید کے بارے میں سب کچھ سمجھ جاتی ہے کہ وہ بنو احمر کا شہزادہ ہے نہ کہ غلام۔ دونوں پرخلوص محبت کو عمر بھر نبھانے کا عزم کرتے ہیں اور حسین ترین اور خوشگوار لمحات گزارتے ہیں لیکن چونکہ حاکمِ غرناطہ کا بیٹا ڈان وارڈرک بھی فلوزنڈا کو چاہتا ہے لہٰذا سعید کو اپنے راستہ سے ہٹانے کے لئے اسکو ایک عیسائی لڑکی کے مسلمان بنانے کے الزام میں پھنسا کر حائل دیوار کے گرانے کا فیصلہ کر واتا ہے۔ سعید اپنے بے بنیاد الزام پر احتجاج کرتا ہے۔ مگر اسکی پرواہ نہیں کی جاتی۔ آخرکار سعید کی بھی اسی میدان میں تلوار سے گردن اڑا دی جاتی ہے۔ جہاں دس ہزار مسلمانوں کو

جلا ریا قتل کر کے ختم کرا دیا گیا تھا۔ آج بھی بنو احمر کے قبرستان میں سعید کی سنگِ مرمر کی قبر دیکھی جا سکتی ہے جس پر لکھا ہے بنو احمر کے آخری شہزادے کی قبر ہے۔ جو اس کے دوست فیلپ فلورنڈا کی طرف سے بنائی گئی ہے۔

الذِّكرىٰ

« مُتَرجَمةٌ »

وَقَفَ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ آخِرُ مُلُوْكِ غَرْنَاطَةَ بَعْدَ انْكِسَارِهِ أَمَامَ جُيُوْشِ الْمَلِكِ فَرْدِيْنَانْدَ وَالْمَلِكَةِ إِيْزَابَلَا عَلٰى شَاطِئِ الْخَلِيْجِ الرُّوْمِيِّ تَحْتَ ذَيْلِ جَبَلِ طَارِقٍ قَبْلَ نُزُوْلِهِ إِلَى السَّفِيْنَةِ الْمُعَدَّةِ لِحَمْلِهِ إِلٰى أَفْرِيْقِيَا وَقَدْ وَقَفَ حَوْلَهُ نِسَاؤُهُ وَأَوْلَادُهُ وَعُظَمَاءُ قَوْمِهِ مِنْ بَنِي الْأَحْمَرِ فَأَلْقَىٰ عَلٰى مُلْكِهِ الذَّاهِبِ نَظْرَةً طَوِيْلَةً لَمْ يَسْتَرْجِعْهَا إِلَّا مُبَلَّلَةً[1] بِالدَّمْعِ ، ثُمَّ أَدْنٰى رِدَاءَهُ مِنْ وَجْهِهِ وَأَنْشَأَ يَبْكِي بُكَاءً مُرًّا[2] وَيَنْشِجُ[3] نَشِيْجاً مُحْزِناً حَتّٰى بَكٰى مَنْ حَوْلَهُ لِبُكَائِهِ ، وَأَصْبَحَ شَاطِئُ الْبَحْرِ كَأَنَّهُ مَنَاحَةٌ قَائِمَةٌ تَتَرَدَّدُ فِيْهَا الزَّفَرَاتُ ، وَيَشْتَبِقُ الْعَبَرَاتُ ، فَإِنَّهُ لَوَاقِفٌ مَوْقِفَهُ هٰذَا وَقَدْ ذَهَلَ عَنْ نَفْسِهِ وَمَوْقِفِهِ إِذْ أَحَسَّ هَاتِفاً[4] يَهْتِفُ بِاسْمِهِ بِصَوْتٍ كَأَنَّمَا يَنْحَدِرُ إِلَيْهِ مِنْ عَلْيَاءِ السَّمَاءِ فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَإِذَا شَيْخٌ نَاسِكٌ[5] مُتَّكِئٌ عَلٰى عَصَاهُ وَاقِفٌ عَلٰى بَابِ مَغَارَةٍ مِنْ مَغَارَاتِ الْجَبَلِ الْمُشْرِفِ عَلَيْهِ يَنْظُرُ إِلَيْهِ وَيَقُوْلُ :

نَعَمْ .. لَكَ أَنْ تَبْكِيَ أَيُّهَا الْمَلِكُ السَّاقِطُ عَلٰى مُلْكِكَ بُكَاءَ النِّسَاءِ

---

[1] دلہن [2] رونے سے ہچکی بندھ جانا [3] نوحہ کرنا [4] کرخت ۔ بلند آواز کبوتری کی آواز
[5] بزرگ ۔ عابد زاہد

الذکری
(ترجمہ شدہ)

غرناطہ کا آخری فرمانروا ابوعبداللہ فرڈیننڈ اور ملکہ ازابیلا کے لشکر سے شکست کھانے کے بعد بحیرہ روم کے کنارے جبل طارق کے درمیان کھڑا تھا۔ ایسے جہاز میں سوار ہونے کے لئے جو اسے افریقہ لے جانے کے لئے تیار کیا تھا۔ اور اس کے گرد بنو احمر کی عورتیں بچے اور بڑے لوگ کھڑے تھے۔ اس نے ایک طویل نظر ڈالی اپنی کھوئی ہوئی بادشاہت پر جو دوبارہ نہ لوٹی مگر آنسوؤں سے بہتر پھر قریب کی اپنی چادر چہرے کے اور بہت رویا اور بڑی دلدوز آوازیں نکال رہا تھا حتیٰ کہ اس کے آہ و بکا کی وجہ سے اس کے اردگرد والے بھی رونے لگ گئے اور سمندر کا کنارہ گویا کہ ایک ماتم کدہ بن چکا تھا جس میں نالے اور آہیں تھیں۔ وہ ایسی جگہ کھڑا ہوا تھا کہ بھول چکا تھا اپنے آپ کو اور اپنے مقام کو اچانک اس نے ایک آواز سنی جس میں اسکا نام پکارا جا رہا تھا گویا وہ آسمان کی بلندی سے اتر رہی ہے اس نے اپنا سر اٹھایا دیکھا تو ایک بوڑھا پرہیزگار لاٹھی کے سہارے پہاڑ کے غار کے دہانے کھڑا اسے دیکھ رہا ہے اور کہہ رہا ہے۔ جی ہاں! اے حکمران تجھے اپنی سلطنت پر عورتوں کی طرح رونا چاہئیے۔

فَإِنَّكَ لَمْ تَحْتَفِظْ بِهِ احْتِفَاظَ الرِّجَالِ.

إِنَّكَ ضَحِكْتَ بِالْأَمْسِ كَثِيرًا، فَابْكِ الْيَوْمَ بِمِقْدَارِ مَا ضَحِكْتَ بِالْأَمْسِ فَالسُّرُورُ نَهَارُ الْحَيَاةِ وَالْحُزْنُ لَيْلُهَا، وَلَا يَلْبَثُ النَّهَارُ السَّاطِعُ[1] أَنْ يَعْقُبَهُ اللَّيْلُ الْقَاتِمُ[2].

لَوْ أَنَّ مَا ذَهَبَ مِنْ يَدِكَ مِنْ مُلْكِكَ ذَهَبَ بِصَدْمَةٍ مِنْ صَدَمَاتِ الْقَدَرِ، أَوْ نَازِلَةٍ مِنْ نَوَازِلِ الْقَضَاءِ، مِنْ حَيْثُ لَا حَوْلَ لَكَ فِي ذٰلِكَ وَلَا حِيلَةَ، لَهَانَ أَمْرُهُ عَلَيْكَ، أَمَّا وَقَدْ أَضَعْتَهُ بِيَدِكَ، وَأَسْلَمْتَهُ إِلَى عَدُوِّكَ بِاخْتِيَارِكَ، فَابْكِ عَلَيْهِ بُكَاءَ النَّادِمِ الْمُتَفَجِّعِ الَّذِي لَا يَجِدُ لَهُ عَنْ مُصَابِهِ عَزَاءً وَلَا سَلْوَى.

لَا يَظْلِمُ اللّٰهُ عَبْدًا مِنْ عِبَادِهِ، وَلَا يُرِيدُ بِأَحَدٍ مِنَ النَّاسِ فِي شَأْنٍ مِنَ الشُّؤُونِ شَرًّا وَلَا ضَيْرًا، وَلٰكِنَّ النَّاسَ يَأْبَوْنَ إِلَّا أَنْ يَقِفُوا عَلَى حَافَةِ الْهُوَّةِ الضَّعِيفَةِ فَتَزِلَّ بِهِمْ أَقْدَامُهُمْ، وَيَمْشُوا تَحْتَ الصَّخْرَةِ الْبَارِزَةِ الْمُشْرِفَةِ فَتَسْقُطُ عَلَى رُؤُوسِهِمْ.

لَمْ تَقْنَعْ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَكَ مِنَ الرِّزْقِ فَأَبَيْتَ إِلَّا الْمُلْكَ وَالسُّلْطَانَ فَنَازَعْتَ عَمَّكَ الْأَمْرَ وَاسْتَعَنْتَ عَلَيْهِ بِعَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِ فَتَنَاوَلَ رَأْسَيْكُمَا مَعًا وَمَا زَالَ يَضْرِبُ أَحَدَهُمَا بِالْآخَرِ حَتَّى سَالَ تَحْتَ قَدَمَيْكُمَا قَلِيبٌ[3] مِنَ الدَّمِ فَغَرِقْتُمَا فِيهِ مَعًا.

لِي فَوْقَ هٰذِهِ الصَّخْرَةِ يَا بَنِي الْأَحْمَرِ سَبْعَةُ أَعْوَامٍ أَنْتَظِرُ فِيهَا هٰذَا الْمَصِيرَ الَّذِي صِرْتُمْ إِلَيْهِ وَأَتَرَقَّبُ السَّاعَةَ الَّتِي أَرَى فِيهَا آخِرَ مَلِكٍ مِلْكًا يَرْحَلُ عَنْ هٰذِهِ الدِّيَارِ رِحْلَةً لَا رَجْعَةَ مِنْ بَعْدِهَا، لِأَنِّي أَعْلَمُ أَنَّ الْمُلْكَ الَّذِي يَتَوَلَّى أَمْرَهُ الْجَاهِلُونَ الْأَغْبِيَاءُ[4] لَا دَوَامَ لَهُ وَلَا

---

[1] تالی یا تال کا تیتر [2] غبار اتو: گرد اڑنا سیاہی مائل ہونا۔ [3] کنواں
[4] بے وقوف۔

کیونکر تو مردوں کی طرح اپنی بادشاہت کا تحفظ نہیں کر سکا کل تو بہت زیادہ ہنستا تھا تو آج اسقدر روئے جسقدر تو کل ہنستا تھا کیونکہ خوشی زندگی کا دن ہے اور غم اسکی رات روشن دن کے بعد رات کا اندھیرا لازمی ہے مگر کاش جو کچھ تیرے ہاتھ سے گیا ہے وہ تقدیر کے صدمہ سے ہی گیا ہے یا بلائے آسمانی کی بناء پر زائل ہوتا اس اعتبار سے کہ نہ تیرے پاس کوئی حیلہ ہے اور نہ طاقت اسکی تدبیر کر سکتا تو اتنا صدمہ نہ ہوتا لیکن تو نے اپنے ہاتھ سے ضائع کر دیا اور اپنے اختیار سے اپنے دشمن کے سپرد کر دیا تو اسپر اسطرح رو جیسے ایک درد مند نادم روتا ہے جو نہ اپنی مصیبت کا کوئی بدل پاتا ہے اور نہ صبر۔ اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے پر ظلم نہیں کرتا اور نہ ارادہ کرتا ہے کسی انسان پر کسی حالت میں شر یا ضرر کا لیکن لوگ نہیں مانتے مگر وہ گہرے گڑھے کے کنارے کھڑے ہو کر سانس لیتے ہیں اور پھر ان کے قدم پھسل جاتے ہیں۔ اور ظاہری چٹان کے نیچے چلتے ہیں پس وہ ان کے سروں پر گر پڑتی ہے تو نے اس رزق پر قناعت اختیار نہیں کی جو اللہ تعالےٰ نے تیرے مقدر میں لکھدیا تھا تو نے اپنے چچا سے جھگڑا کیا۔ اور تو نے مدد چاہی اسکے خلاف اپنی اور اس کے دشمن کی تم دونوں کے سروں کو پکڑ لیا اور ایک دوسرے کو ٹکرا تا رہا حتیٰ کہ ان دونوں کے قدموں کے نیچے خون کا کنواں بہنے لگا پس ہم دونوں کو اس میں ڈبو دیا۔ اے بنی احمر اس چٹان پر میں سات سال سے انتظار کر رہا تھا انجام کا جس جگہ تم آج پہنچے ہو اور میں انتظار کر رہا تھا اس لمحہ کا جبمیں ایسا حکمران دیکھوں گا جو اس دیار سے کوچ کریگا اسکے بعد واپس نہ آئے گا کیونکہ میں جانتا ہوں کہ جس مملکت کے والی جاہل اور غبی ہوں اسکے لئے کوئی دوام نہیں

بقــاء .

اتخذ بعضكم بعضاً عدواً ، وأصبح كل واحد منكم حرباً على صاحبه فسقم المسلمين إلى ميادين القتال يضرب بعضهم وجوه بعض ، والعدو رابض من ورائكم يتربص بكم الدوائر ويرى أن كلاً منكم قائد من قواده ينبعث بين يديه لقتال أعدائه ، والمناضلة على ملكه ، حتى رآكم تتهافتون على أنفسكم ضعفاً ووهناً فاقتحمكم فما هي إلا جولة أو جولتان حتى ظفر بكم معاً .

ستقفون غداً بين يدي الله يا ملوك الإسلام ، وسيسألكم عن الإسلام الذي أضعتموه وهبطتم به من علياء مجده حتى ألصقتم أنفه بالرغام . وعن المسلمين الذين أسلمتموهم بأيديكم إلى أعدائهم ليعيشوا بينهم عيش البائسين المستضعفين ، عن مدن الإسلام وأمصاره التي اشتراها آباؤكم بدمائهم وأرواحهم ثم تركوها في أيديكم لتذودوا عنها ، وتحموا ذمارها ، فلم تحركوا في شأنها ساكناً حتى غلبكم أعداؤكم عليها ، فأصبحتم تعيشون فيها عيش الأذلاء وتطردون منها كما يطرد الغرباء ، فماذا يكون جوابكم إن سئلتم عن هذا كله غداً ؟

ها هي النواقيس ترن في شرفات المآذن بدل الأذان ، وها هي المساجد تطأ نعال الصليبيين في تربتها مواقع جباه المسلمين ، وها هو المسلم يفر بدينه من مكان إلى مكان ، ويلوذ بأكناف الهضاب والشعاب ، لا يستطيع أن يؤدي شعيرة من شعائر

---

١ بہت چست ٢ گرا ٣ عزت حرمت ٤ پیشانیاں ٥ شاخ تراشی
٦ ذلیل ہونا ـ مرعوب مقہور کرنا ـ

اور نہ کوئی بقا ہے تم نے ایک دوسرے کو اپنا دشمن بنا لیا اور ہر ایک تم میں سے ایک دوسرے کا دشمن ہو گیا۔ تم کھینچ لائے مسلمانوں کو میدانِ قتال کی طرف جو ایک دوسرے کو مارتے تھے اور دشمن تمہارے پیچھے تاک لگائے بیٹھا تھا تم پر نزول مصائب کا انتظار کر رہا تھا اور سمجھتا تھا کہ ہر ایک تم میں سے بذات خود قائد (کمانڈر) ہے جو اس کے سامنے اسکے دشمنوں سے جنگ کر رہا ہے اور اسکے ملک سے دفاع کر رہا ہے۔ حتیٰ کہ نہیں دیکھا کہ تم بوجہ نقاہت وضعف کے گر پڑتے ہو تو وہ تم پر حملہ آور ہوا اس نے ایک یا دو چکر لگائے تھے حتیٰ کہ تم پر فتحیاب ہو گیا۔ کل تم اللہ کے ہاں عنقریب کھڑے ہو گے اے بادشاہان اسلام اور عنقریب تم سے اسلام کے بارے میں دریافت کرے گا۔ جو تم نے ضائع کر دیا جسکی بلند مرتبت کو نیچے گرا کر اسکی ناک کو زمین پر لگا دیا۔ مسلمانوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ تم سے پوچھ گچھ کریں گے جنہیں تم نے اپنے ہاتھوں سے دشمنوں کے سپرد کر دیا تاکہ وہ ان میں کمزور ضعیفوں کی طرح زندگی گزاریں۔ اللہ تعالیٰ تم سے اسلامی شہروں کے بارے میں دریافت کریں گے جنہیں تمہارے آباء واجداد نے اپنے خون سے اپنی جانیں دے کر خریدا پھر وہ تمہارے لئے چھوڑ گئے۔ اور انکی حفاظت کرو تم نے ذرا حرکت نہ کی حتیٰ کہ تمہارے دشمن انپر غالب آ گئے۔ تو تم ذلیلوں کی سی زندگی گزارنے لگے اور وہاں ہنکائے جانے لگے جیسے مسافر ہنکائے جاتے ہیں۔ تمہارا کیا جواب ہو گا۔ کل جبکہ اس بارے میں تم سے پوچھا جائیگا۔

ناقوس بج رہے ہیں۔ میناروں پر آذان کی بجائے اور دیکھو تو مسجدوں کو صلیب والوں کے جوتے روند رہے ہیں جہاں مسلمانوں کی پیشانیاں لگتی تھیں اور یہ کیسے مسلمان ہیں جو اپنے دین کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے کر بھاگ رہے ہیں اور پہاڑ کی چوٹیوں اور دروں پر پناہ حاصل کر رہے ہیں کہ شعائر الٰہی کو ادا نہیں کر سکتے۔

دِينِهِ، إِلَّا فِي غَارٍ كَهٰذَا الْغَارِ الَّذِي أَعِيشُ فِيهِ ! ...

لَيْتَ الْمُسْلِمِينَ عَاشُوا دَهْرَهُمْ فَوْضَى لَا نِظَامَ لَهُمْ وَلَا مُلْكَ وَلَا سُلْطَانَ، كَمَا يَعِيشُ الْمُشَرَّدُونَ فِي آفَاقِ الْبِلَادِ، فَقَدْ كَانَ ذٰلِكَ خَيْراً لَهُمْ مِنْ أَنْ يَتَوَلَّى أَمْرَهُمْ رِجَالٌ مِثْلُكُمْ طَامِعُونَ مُسْتَبِدُّونَ يُلْقُونَ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ جَمِيعاً غُلّاً وَاحِداً يَسُوقُونَهُمْ بِهِ إِلَى مَوَارِدِ التَّلَفِ وَالْهَلَاكِ مِنْ حَيْثُ لَا يَسْتَطِيعُونَ ذَوْداً عَنْ أَنْفُسِهِمْ. وَمَا تَفْعَلُ الْفَوْضَى وَبَابَةً مَا يَفْعَلُ بِهَا الِاسْتِبْدَادُ.

يَسْأَلُكُمُ اللهُ يَا بَنِي الْأَحْمَرِ عَنِّي وَعَنْ أَوْلَادِي الَّذِينَ انْتَزَعْتُمُوهُمْ مِنْ يَدِي انْتِزَاعاً أَحْوَجَ مَا كُنْتُ إِلَيْهِمْ، وَسُقْتُمُوهُمْ إِلَى مَيَادِينِ الْقِتَالِ لِيُقَاتِلُوا إِخْوَانَهُمُ الْمُسْلِمِينَ قِتَالاً لَا شَرَفَ فِيهِ وَلَا فَخَارَ، حَتَّى مَاتُوا جَمِيعاً مَوْتَ الْأَذِلَّاءِ الْأَدْنِيَاءِ فَلَا أَنْتُمْ تَرَكْتُمُوهُمْ بِجَانِبِي آنَسُ بِهِمْ فِي وَحْشَتِي وَأَلْجَأُ إِلَى مَعُونَتِهِمْ فِي شَيْخُوخَتِي، وَلَا أَنْتُمْ ذَهَبْتُمْ بِهِمْ إِلَى مَيْدَانِ قِتَالٍ شَرِيفٍ فَأَتَعَزَّى عَنْهُمْ مِنْ بَعْدِهِمْ بِأَنَّهُمْ مَاتُوا فِدَاءً عَنْ دِينِهِمْ وَوَطَنِهِمْ.

فَهَا أَنَا عَائِشٌ مِنْ بَعْدِهِمْ وَحْدِي فِي هٰذَا الْغَارِ الْمُوحِشِ فَوْقَ هٰذِهِ الصَّخْرَةِ الْمُنْقَطِعَةِ أَبْكِي عَلَيْهِمْ، وَأَسْأَلُ اللهَ أَنْ يُلْحِقَنِي بِهِمْ فَمَتَى يَسْتَجِيبُ اللهُ دُعَائِي ؟

ثُمَّ اخْتَنَقَ صَوْتُهُ بِالْبُكَاءِ، فَأَدَارَ وَجْهَهُ وَمَشَى بِقَدَمٍ مُطْمَئِنَّةٍ يَتَوَكَّأُ عَلَى عَصَاهُ حَتَّى دَخَلَ مَغَارَتَهُ وَغَابَ عَنِ الْعُيُونِ، فَنَالَتْ كَلِمَاتُهُ مِنْ نَفْسِ الْأَمِيرِ مَا لَمْ يَنَلْ مِنْهَا ضَيَاعُ مُلْكِهِ وَسُقُوطُ عَرْشِهِ، فَصَاحَ: مَا هٰذَا بَشَراً إِنَّمَا هُوَ صَوْتُ الْعَدْلِ الْإِلٰهِيِّ يُنْذِرُنِي بِشَقَاءِ الْمُسْتَقْبَلِ فَوْقَ شَقَاءِ الْمَاضِي، فَلْيَصْنَعِ اللهُ بِي مَا يَشَاءُ فَعَدْلٌ مِنْهُ كُلُّ مَا صَنَعَ

امرعوب احفاظت

مگر یہ کہ ایسی غار جس میں میں زندگی بسر کر رہا ہوں۔ کاش کہ مسلمان زمانے میں اسطرح زندگی گزارتے کہ نہ نظام ہوتا نہ حکومت ہوتی اور نہ بادشاہت جیسے یہودی پورے اطراف کے شہروں میں بکھرے ہوئے ہیں۔ یہ ان کے لئے بہتر تھا بہ نسبت اُسکے تم جیسے آمر مُسلط کئے گئے جو لالچی اور ظالم ہیں جو ان سب کی گردنوں میں ایک طرح کا طوق ڈالے انہیں ہلاکت گاہوں کی طرف لے جا رہے ہیں اور ان کا دفاع نہیں کر سکتے جتنا کہ استبداد کرتا ہے۔

اے ابو احمر! اللہ تعالیٰ تم سے پوچھے گا تم نے میرے اور میری اولاد کے بارے میں کیا کیا؟ جنہیں تم نے مجھ سے چھین لیا حالانکہ مجھے ان کی بہت زیادہ ضرورت تھی تم انہیں میدان جنگ کی طرف لے گئے تاکہ وہ لڑیں اپنے مسلمان بھائیوں سے ایسی لڑائی جس میں شرافت اور فخر کی کوئی بات نہ تھی حتیٰ کہ وہ سب ذلیلوں۔ کمینوں کی موت مرے ہیں چھوڑا تم نے میرے پاس کہ میں مانوس ہوتا ان سے وحشت کے وقت اور اپنے بڑھاپے میں مدد حاصل کرتا نہ تم انہیں شرافت کے میدان جنگ میں لے گئے کہ میں صبر حاصل کرتا ان کے میدان میں مرنے سے جو دین اور وطن کے نام پر شہید ہو گئے؟ دیکھو ان کے بعد میں زندگی گزار رہا ہوں اس وحشتناک غار میں

اس تنہا چٹان پر۔ انہیں روتا دیکھتا ہوں تو خدا سے دُعا کرتا ہوں کہ مجھے ان کے ساتھ ملا دے دیکھیں اللہ تعالیٰ میری دُعا کب قبول کرتا ہے؟ پھر رو رو کر اس کا گلا اندھ گیا اس نے اپنے چہرے کو موڑا اور مطمئن قدموں سے لاٹھی کے سہارے غار میں چلا گیا اور نظروں سے غائب ہو گیا۔ بادشاہ کا دل اسکی باتوں سے بڑا متاثر ہوا کہ اتنا غم مملکت کے ضائع ہونے اور تخت کے گرنے کا بھی نہ ہوا تو وہ چیخا کہ یہ کوئی انسانی آواز نہ تھی بلکہ یہ تو عدل رب ذوالجلال کی آواز ہے جو مجھے مستقبل کی بدبختی سے ڈرا رہی ہے جو ماضی کی بدبختی سے زیادہ ہوگی۔ اللہ جو چاہے میرے ساتھ کرے کیونکہ خدا تعالیٰ جو کریں گے انصاف ہی ہوگا

ثُمَّ انْحَدَرَ إِلَى سَفِينَتِهِ وَانْحَدَرَ أَهْلُهُ وَرَاءَهُ فَسَارَتِ السَّفِينَةُ بِهِمْ تَشُقُّ عُبَابَ الْمَاءِ شَقّاً فَسَجَّلَ التَّارِيخُ فِي تِلْكَ السَّاعَةِ: أَنْ قَدْ تَمَّ جَلَاءُ الْعَرَبِ عَنِ الْأَنْدَلُسِ بَعْدَ مَا عَمَرُوهَا ثَمَانِمِائَةِ عَامٍ

• • •

بَعْدَ مُرُورِ أَرْبَعَةٍ وَعِشْرِينَ عَاماً عَلَى تِلْكَ الْحَوَادِثِ لَمْ يَبْقَ فِي أَفْرِيقِيَّةَ حَيٌّ مِنْ بَنِي الْأَحْمَرِ إِلَّا فَتًى فِي الْعِشْرِينَ مِنْ عُمْرِهِ اسْمُهُ "سَعِيدٌ" لَمْ يَرَ غَرْنَاطَةَ وَلَا قَصْرَ الْحَمْرَاءِ وَلَا الْمَرْجَ وَلَا جَنَّةَ الْعَرِيفِ وَلَا نَهَرَ شَنِيلٍ وَلَا عَيْنَ الدَّمْعِ وَلَا جَبَلَ الثَّلْجِ وَلٰكِنَّهُ مَا زَالَ يَحْفَظُ فِي ذَاكِرَتِهِ مِنْ عَهْدِ الطُّفُولَةِ تِلْكَ الْأَنَاشِيدَ الْأَنْدَلُسِيَّةَ الْبَدِيعَةَ الَّتِي كَانَ يَتَرَنَّمُ بِهَا نِسَاءُ قَوْمِهِ حَوْلَ مَهْدِهِ، وَيُرَدِّدْنَ فِيهَا ذِكْرَ آبَائِهِ وَأَجْدَادِهِ وَآثَارِ أَيْدِيهِمْ وَعِزَّةِ سُلْطَانِهِمْ فِي تِلْكَ الْبِقَاعِ، وَتِلْكَ الْمَرَاثِي الْمُحْزِنَةَ الْمُؤَثِّرَةَ الَّتِي بَكَى فِيهَا شُعَرَاءُ الْأَنْدَلُسِ ذٰلِكَ الْمَجْدَ السَّاقِطَ وَالْمُلْكَ الْمُضَاعَ، فَكَانَ كُلَّمَا خَلَا إِلَى نَفْسِهِ رَدَّدَ تِلْكَ الْمَرَاثِي بِنَغْمَةٍ شَجِيَّةٍ مُحْزِنَةٍ تَسْتَثِيرُ عَبْرَتَهُ، وَتُهَيِّجُ أَشْجَانَهُ، فَلَا يَزَالُ يَبْكِي وَيَنْتَحِبُ حَتَّى يُشْرِفَ عَلَى التَّلَفِ.

فَكَانَ لَا يَتَمَنَّى عَلَى اللهِ مِنْ كُلِّ مَا يَتَمَنَّى امْرُؤٌ عَلَى رَبِّهِ فِي

---

۱ دستاویز ۲ چراگاہ ۳ قصر حمرا غرناطہ میں ہے جہاں بنی احمر کے بادشاہوں کی قیام گاہ تھی اور تمام سے بڑا محل ہے جسمیں آج تک بہت زیادہ تاریخی آثار موجود ہیں اور غرناطہ کی سبزہ زار جو ناظرین کو حسن وجمال کا نظارہ پیش کرتا ہے اور جنت عریف غرناطہ کا بہت بڑا باغ ہے جسمیں محلات اور سیرگاہیں ہیں اور غرناطہ کی بہت بڑی نہر شنیل ہے جس سے شہر کے ادنیٰ و اعلیٰ فیض حاصل کرتے ہیں اور عین الدمع غرناطہ کا بڑا پہاڑ ہے جو سرسبز وشاداب اور چراگاہ ہے اور غرناطہ کے جنوب میں جبل ثلج برفانی پہاڑ ہے جو گرمی اور سردی ہیں بدستور برف پوش رہتا ہے جس سے بہت سے چشمے جاری ہوتے ہیں اور چھ نہریں جو باغات بجز زمین سیراب کرتی ہیں۔

پھر وہ جہاز کی طرف بڑھا اور پھر اسکے اہل وعیال بھی اس کے پیچھے اتر پڑے ۔ جہاز انہیں لے کر پانی کی موجوں کو چیرتا ہوا روانہ ہوا ۔ تاریخ نے اپنے صفحات پر اس گھڑی کو لکھ لیا کہ تحقیق تمام ہو گئی عرب کی جلاوطنی ۔ اندلس سے جبکہ انہوں نے یہاں اٹھ سو سال تک حکومت کرتے گزار دیئے ۔

ان حوادثات کے چوبیس سال بعد افریقہ میں بنو احمر قبیلے کا کوئی بھی فرد باقی نہ رہا مگر ایک بیس سالہ نوجوان جس کا نام سعید تھا ۔ نہ اس نے غرناطہ دیکھا نہ قصر الحمرا ۔ نہ مرج غرناطہ ۔ نہ باغ عریف ۔ نہ نہر شنیل نہ عین الدمع نہ جبل ثلج ۔ لیکن اسے بچپن سے اندلسی نادر گیت جو اس قوم کی عورتیں اس کے پنگھوڑے کے گرد گایا کرتی تھیں ۔ جن میں اسکے آباء واجداد ان کے کارناموں ان کے لشکروں میں ان کی عزت مملکت کا ذکر بار بار آتا تھا ۔ اور وہ غم انگیز مرثیے (بھی یاد تھے) جن پر شعر آئے ۔

اندلس اس زائل شدہ عزت اور مملکت پر روئے ہیں وہ جب بھی خلوت میں جاتا تو یہ مرثیے دھراتا ۔ درد انگیز اور پرسوز آواز میں جس سے اسکے آنسو اور غم بھڑک اٹھتے اور وہ اتنا روتا چلاتا حتیٰ کہ مرنے کے قریب ہو جاتا ۔ وہ اللہ سے کسی بھی بات کی آرزو نہیں کرتا تھا ۔ جس طرح کہ لوگ اپنے رب سے تمنائیں کرتے ہیں ۔

حَيَاتِهِ إِلَّا أَنْ يَرَى غَرْنَاطَةَ سَاعَةً مِنْ زَمَانٍ يَشْفِي بِهَا غُلَّةَ نَفْسِهِ، ثُمَّ لِيَصْنَعِ الدَّهْرُ بِهِ بَعْدَ ذٰلِكَ مَا يَشَاءُ.

وَكَانَ كُلَّمَا هَمَّ بِالذِّهَابِ إِلَيْهَا قَعَدَ بِهِ عَنْ ذٰلِكَ أَنَّ وَرَاءَهُ عَجُوزاً مِنْ أَهْلِهِ مَرِيضَةً، وَمَا كَانَ يَسْتَطِيعُ أَنْ يَتْرُكَهَا، وَلَا يَجِدُ مَنْ يَعْتَمِدُ عَلَيْهِ فِي الْقِيَامِ بِشَأْنِهَا حَتَّى وَافَاهَا أَجَلُهَا فَرَكِبَ الْبَحْرَ مِنْ سَبْتَةَ إِلَى شَاطِئِ مَلْقَةَ، ثُمَّ انْحَدَرَ مِنْهَا إِلَى غَرْنَاطَةَ مُتَنَكِّراً فِي ثَوْبِ طَبِيبٍ عَرَبِيٍّ مِنْ أَطِبَّاءِ الْأَعْشَابِ يَتَنَقَّلُ فِي جِبَالِ الْأَنْدَلُسِ وَسُهُولِهَا حَتَّى بَلَغَ ضَاحِيَتَهَا سَاعَةَ الْأَصِيلِ، فَوَقَفَ عَلَى هَضَبَةٍ مِنْ هِضَابِ جَبَلِ الثَّلْجِ فَرَأَى الْأَمْوَاهَ تَنْزَلِقُ عَنْهُ فِي هُدُوءٍ وَسُكُونٍ كَأَنَّهَا فَوْقَ سَطْحِهِ اللَّامِعِ الْمُتَلَأْلِئِ قَمِيصٌ مِنَ النُّورِ، أَوْ قُبَّةٌ مِنَ الْبِلَّوْرِ، حَتَّى تَصِلَ إِلَى سَفْحِهِ فَإِذَا هِيَ حَيَّاتٌ بَيْضَاءُ مَذْعُورَةٌ تَنْبَعِثُ هٰهُنَا وَهٰهُنَا لَا هَمَّ إِلَّا النَّجَاةُ مِنْ يَدِ مُطَارِدِهَا حَتَّى تَعْتَرِضَ بِجَدْوَلِ مَاءٍ فِي طَرِيقِهَا فَتَدَّغِمَ فِيهِ وَتَنْسَابَ فِي أَحْشَائِهِ.

ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَى الْمَدِينَةِ فَرَأَى عَلَى الْبُعْدِ أَبْرَاجَهَا الْعَقِيقِيَّةَ الْحَمْرَاءَ وَقِبَابَهَا الْعَالِيَةَ الشَّمَّاءَ، وَمَآذِنَهَا الذَّاهِبَةَ فِي جَوِّ السَّمَاءِ، فَوَقَفَ أَمَامَ هٰذَا الْمَنْظَرِ الْجَلِيلِ الْمَهِيبِ مَوْقِفَ الْخَاشِعِ الْمُتَخَضِّعِ وَضَمَّ إِحْدَى يَدَيْهِ إِلَى الْأُخْرَى وَوَضَعَهَا عَلَى صَدْرِهِ كَأَنَّمَا هُوَ قَائِمٌ أَمَامَ الْمِحْرَابِ يُؤَدِّي صَلَاتَهُ وَلَبِثَ عَلَى ذٰلِكَ بُرْهَةً ثُمَّ صَاحَ بِصَوْتٍ عَالٍ رَدَّدَتْهُ الْغَابَاتُ وَالْحَرَجَاتُ يَقُولُ:

هٰذَا مِيرَاثُ آبَائِي وَأَجْدَادِي لَمْ يَبْقَ لِي مِنْهُ إِلَّا وَقْفَةٌ بَيْنَ يَدَيْهِ كَوَقْفَةِ الثَّاكِلِ الْمَفْجُوعِ بَيْنَ أَيْدِي الْأَطْلَالِ الْبَوَالِي وَالْآثَارِ الدَّوَارِسِ.

هٰذِهِ مَضَاجِعُهُمْ يَنَامُ فِيهَا أَعْدَاؤُهُمْ، وَهُمْ لَا مَضَاجِعَ لَهُمْ

اِجڑی بوٹیاں ۲ زمین پر پھیلا ہوا پہاڑ ۳ ڈراؤنی ۴ پھیلنا ۵ مرغزار

سوائے اس کے کہ وہ اپنی زندگی میں ایک لمحہ کے لئے غرناطہ دیکھ لے جس سے اپنے دل کی سوزش کو تشفی دے سکے۔ پھر اس کے بعد زمانہ جو چاہے اس کے ساتھ سلوک کرے۔ وہ جب بھی وہاں جانے کے بارے میں ارادہ کرتا تو یہ دیکھ کر بیٹھ جاتا کہ اسکے پیچھے اسکے گھر میں ایک بڑھیا بیمار ہے جسے چھوڑ کر چلا جانا اسکے بس کی بات نہ تھی اور نہ اسے کوئی ایسا آدمی ملا جس پر اعتماد کیا جائے جو اسکی دیکھ بھال کرسکے حتیٰ کہ اس کا وقت آپہنچا (اور وہ اللہ کو پیاری ہوگئی) تو وہ سوار ہوا سمندری سفر پر سبتہ سے ملقہ کے کنارے کی طرف پھر وہ اترا غرناطہ کی طرف اس نے عربی طبیب کا بھیس بدلا جو نباتات کی جستجو میں اندلس کے پہاڑوں اور ان کے دامنوں میں پھرتے ہیں۔ حتیٰ کہ وہ پہنچا شہر سے باہر شام کے وقت اور جبل ثلج کی چوٹی پر چڑھ گیا اور اس نے دیکھا کہ پانی بڑے سکون سے نیچے اتر رہا ہے گویا کہ سکی چمکتی دمکتی سطح پر کوئی نورانی قمیص ہو یا بلور کا کوئی برج ہو حتیٰ کہ جب یہ پانی دامن کوہ تک پہنچا تو لگتا تھا خوف زدہ سفید سانپوں کی طرح جو ادھر ادھر بکھر گئے ہوں وہ اپنی اپنی جان بچانا چاہتے ہوں حتیٰ کہ راہ میں پانی کا نالہ آگیا ہو وہ اس میں گھس گئے ہوں اور چھپ گئے ہوں اسکے پیٹ میں۔ پھر وہ شہر کی طرف متوجہ ہوا تو دیکھا دور سے سرخ عقیق کے برج اور بلند و بالا قبے اور اسکے نہایت اونچے مینار آسمانوں سے باتیں کرتے ہوئے وہ ٹھہر گیا اس ہیبت ناک پرجلال منظر کے سامنے جیسے کوئی خشوع و خضوع سے کھڑا ہوتا ہے۔ اس نے اپنے ہاتھوں کو ایک دوسرے سے ملا لیا۔ اور انہیں سینے پر رکھا گویا کہ وہ محراب کے سامنے نماز ادا کر رہا ہے وہ کچھ دیر اسی ہئیت پر کھڑا رہا۔ پھر اس نے چیخ ماری جسکی صدائے بازگشت سے جنگلات اور مرغزار گونج اٹھے یہ میراث ہے میرے آباء و اجداد کی جنہوں نے میرے لئے کچھ نہیں چھوڑا سوائے جدائی کے جیسے ایک دکھی ماں اپنے بیٹے کی جدائی میں تڑپتی رہتی ہے۔ یہ ان کے بستر ہیں جہاں ان کے دشمن سوتے ہیں۔ اور ان کے بستر

إلّا رِمَالَ الصَّحْرَاءِ وَكُثْبَانَ الفَلَوَاتِ .

هٰذِهِ قُصُورُهُمْ تُشْرِفُ عَلَى الأَرْضِ الفَضَاءِ وَتُطِلُّ مِنْ عُيُونِ نَوَافِذِهَا كَأَنَّمَا تَتَرَقَّبُ أَنْ يَعُودُوا إلَيْهَا فَيَعْمُرُوهَا كَمَا كَانُوا فَلَا يَفْعَلُونَ .

هٰذِهِ قِبَابُهُمْ وَأَبْرَاجُهُمْ رَافِعَةً رَأْسَهَا لَيْلَهَا وَنَهَارَهَا إلَى السَّمٰوَاتِ العُلَا تَدْعُو اللهَ أَنْ يُعِيدَ إلَيْهَا بُنَاتَهَا وَحُمَاتَهَا فَلَا يُسْتَجَابُ لَهَا دُعَاءٌ .

فِي هٰذِهِ البَسَاتِينِ كَانُوا يَنْعَمُونَ ، وَتَحْتَ هٰذِهِ الظِّلَالِ كَانُوا يَقِيلُونَ ، وَعَلَى ضِفَافِ هٰذِهِ الأَنْهَارِ كَانُوا يَغْدُونَ وَيَرُوحُونَ ، وَاليَوْمَ لَا غَادٍ مِنْهُمْ وَلَا رَائِحَ ، وَلَا سَانِحَ تَحْتَ هٰذِهِ السَّمَاءِ وَلَا بَارِحَ .. ثُمَّ نَظَرَ إلَى الأُفُقِ فَرَأَى الشَّمْسَ تَنْحَدِرُ إلَى مَغْرِبِهَا وَرَأَى جَيْشَ اللَّيْلِ يُطَارِدُ فُلُولَ جَيْشِ النَّهَارِ فَيُبَدِّدُهَا بَيْنَ يَدَيْهِ تَبْدِيداً فَتَهَافَتَ عَلَى نَفْسِهِ ، وَهُوَ يَقُولُ :

هٰكَذَا تَدُولُ الدَّوْلَاتُ وَتَسْقُطُ التِّيجَانُ ، وَهٰكَذَا تَحُلُّ الظُّلُمَاتُ مَحَلَّ الأَنْوَارِ ، وَهٰكَذَا تَنْتَشِرُ سُحُبُ المَوْتِ عَلَى وَجْهِ الحَيَاةِ .

ثُمَّ تَوَسَّدَ ذِرَاعَهُ وَاسْتَغْرَقَ فِي نَوْمِهِ بَيْنَ وِطَاءِ الأَرْضِ وَغِطَاءِ السَّمَاءِ فَلَمْ يَسْتَفِقْ حَتَّى مَضَتْ دَوْلَةُ اللَّيْلِ فَمَشَى إلَى نَهْرٍ جَارٍ فِي سَفْحِ الجَبَلِ فَصَلَّى عِنْدَهُ صَلَاةَ الفَجْرِ ، ثُمَّ انْحَدَرَ إلَى المَدِينَةِ يُفَتِّشُ عن خَانٍ يَأْوِي إلَيْهِ فَلَمْ يَجِدْ فِي طَرِيقِهِ مَنْ يُرْشِدُهُ إلَى طَلْبَتِهِ حَتَّى بَلَغَ نَهْرَ شِنِيلٍ فَمَشَى عَلَى ضِفَّتِهِ يَتَفَقَّدُ الجُسُورَ وَيَتَلَمَّسُ الأَعْشَابَ وَيَنْتَظِرُ يَقْظَةَ المَدِينَةِ بَعْدَ هَجْعَتِهَا .

وَإِنَّهُ لَكَذٰلِكَ إِذِ انْفَتَحَ بَيْنَ يَدَيْهِ بَابُ قَصْرٍ عَظِيمٍ وَإِذَا فَتَـاةٌ

---

١ ریت ٢ جھانکنا ٣ گنبد کرنا ، ریستوران ٤ کنارہ ٥ پل ج

جنگل کی رات اور ٹیلے ہیں کہ یہ ان کے محلات ہیں جو کھلی زمین پر جھانک رہے ہیں اور اپنے روشندانوں کی آنکھوں سے اس طرح دیکھ رہے ہیں جیسے انہیں انتظار ہے کہ وہ واپس آکر اس طرح آباد کریں گے جیسے پہلے تھے لیکن اب وہ ایسا نہیں کرتے کہ یہ ان کے قبے اور برج ہیں جو رات دن اپنا سر بلند آسمانوں کی طرف اٹھائے ہوئے اللہ تعالےٰ سے دعا کر رہے ہیں۔ کہ ان کی طرف ان کے بانی اور محافظ لوٹ آئیں لیکن ان کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ یہ باغات جن میں وہ آرام کرتے تھے اور ان سایوں کے نیچے وہ قیلولہ کرتے تھے اور ان نہروں کے کنارے وہ صبح شام کرتے تھے لیکن آج نہ کوئی ان میں سے صبح آنے والا ہے نہ شام کو اور نہ اس آسمان کے نیچے کوئی آنیوالا ہے نہ جانے والا پھر اس نے افق کی طرف دیکھا کہ سورج مغرب کی جانب اتر رہا ہے اور دیکھا کہ رات کا لشکر دن کے شکست خوردہ لشکر کو دھکیل رہا ہے اور اسے تتر بتر کر رہا ہے وہ منہ کے بل گر پڑا اور یہ کہنے لگا کہ اسی طرح حکومتیں بدلتی ہیں تاج گرتے ہیں۔ اور اسی طرح نور کی جگہ ظلمت لیتی ہیں اور اس طرح پھیل جاتے ہیں موت کے بادل زندگی کے چہرے پر پھر اپنے بازو کا سہارا لیا اور زمین کے بستر اور آسمان کی چھت کے نیچے گہری نیند سو گیا اسی لاعلمی میں ہی رات کی بادشاہت زوال پذیر ہو گئی وہ پہاڑ کے دامن میں بہتی نہر کی طرف چلا اور صبح کی نماز ادا کی پھر شہر کی طرف چلا تاکہ کوئی سرائے تلاش کرے لیکن کوئی بھی رہبر رستے میں نہ ملا۔

حتیٰ کہ نہر شنیل جا پہنچا۔ اس کے کنارے پر بیج اور جڑی بوٹیاں تلاش کرنے لگا اور شہر والوں کی بیداری کا انتظار کرنے لگا کہ وہ اسی حالت میں تھا کہ اچانک اس کے سامنے ایک بہت بڑے محل کا دروازہ کھلا اور کیا دیکھتا ہے ایک لڑکی

کہ اس نے اپنی طاقت و جبروت کے بل بوتے پر لوگوں کی گردنوں اور ان کے کندھوں کو اپنے تخت پر چڑھنے کے لئے سیڑھی بنا رکھا ہے جس پر وہ جلوہ افروز ہوتا ہے؟ بیر کاہن کون ہے؟ کیا یہ ضعیف نفوس اور مریض دلوں کے غضب کرنے میں سب سے زیادہ ماہر نہیں ہے؟ ظالم چور اور جیرہ دست کیسے صالح ابرار اور پاکیزہ بن بیٹھے؟ یہ بات تو بڑی عجیب ہے کہ ایک آدمی ایک آدمی کو اس بنا پر قتل کر دے کہ اسے اپنی عزت و شرافت کی وجہ سے غصہ آ گیا تو وہ مجرم کہلائے۔ مگر جب بادشاہ اسے قتل کر دے تو عادل کہلائے۔ اور چور اس بنا پر چرائے کہ وہ اپنا یا اپنی اولاد کا پیٹ بھرے تو اسے چور کہا جائے۔ مگر جب قاضی اس کے ہاتھ کاٹ ڈالنے اور مثلہ کرنے کا حکم دے تو وہ پختہ کار کہلائے۔ اور اگر ایک عورت کا قدم پھسل جائے جو ہو سکتا ہے کہ کسی مرد کے بہلانے یا شیطان کے اغوا کرنے سے پھسلا ہو۔ تو لوگ اسے بُری نظروں سے دیکھیں اور اس کی شکل سے کراہت کریں۔ مگر جب اسے کسی ستون سے ننگا بندھا ہوا دیکھیں کہ ہر طرف سے پتھر برسائے جا رہے ہوں۔ تو وہ اس منظر سے خوش ہوں اور اس کا یہ موقف اور یہ انجام کار انہیں اچھا لگے؟ جیسے آگ آگ کو نہیں بجھا سکتی یا جیسے زہر کا ایک گھونٹ دوسرے گھونٹ سے نجات نہیں دے سکتا۔ یا داہنے کٹے ہوئے ہاتھ کا علاج بائیں ہاتھ کو کاٹ کر نہیں کیا جا سکتا اس طرح برائی کا علاج برائی سے نہیں کیا جا سکتا اور اس دنیا میں بدبختی کو بدبختی سے نہیں مٹایا جا سکتا؟ میں دل ہی دل میں یہ باتیں کرتا جا رہا تھا کہ رات ہونے لگی۔ تو میرا گذر ایک وحشت ناک تاریک میدان سے ہوا۔ جس کی فضاء میں مردار خور پرندوں کی ٹولیاں آ جا رہی تھیں

رَائِحَةً ، فَاخْتَرَقْتُهَا حَتَّى بَلَغْتُ أَبْعَدَ بِقَاعِهَا ، فَرَأَيْتُ مَنْظَراً هَائِلاً لَا يَزَالُ أَثَرُهُ عَالِقاً بِنَفْسِي حَتَّى السَّاعَةِ.

رَأَيْتُ الشَّيْخَ جُثَّةً مُعَفَّرَةً بِالتُّرَابِ لَا رَأْسَ لَهَا ، وَلَا أَطْرَافَ ، ثُمَّ رَأَيْتُ رَأْسَهُ وَأَطْرَافَهُ مُبَعْثَرَةً حَوَالَيْهِ كَأَنَّهَا نَوَادِبُ يَنْدُبْنَهُ حَاسِرَاتٍ. وَرَأَيْتُ الْفَتَى مَشْدُوداً إِلَى شَجَرَةٍ فَرْعَاءَ كَأَنَّهُ بَعْضُ أَغْصَانِهَا ، وَقَدْ سَالَ جَمِيعُ مَا فِي عُرُوقِهِ مِنَ الدَّمِ حَتَّى أَصْبَحَ شَبَحاً مَائِلاً ، أَوْ خَيَالاً سَارِياً. وَرَأَيْتُ الْفَتَاةَ كُتْلَةً حَمْرَاءَ مِنَ اللَّحْمِ لَا يَسْتَبِينُ لَهَا رَأْسٌ ، وَلَا قَدَمٌ ، وَقَدْ أَحَاطَتْ بِهَا أَكْوَامٌ مِنَ الْحِجَارَةِ الْمُخَضَّبَةِ بِدِمَائِهَا ، ثُمَّ رَأَيْتُ بِجَانِبِ هٰذِهِ الْجُثَثِ الثَّلَاثِ حُفْرَةً جَوْفَاءَ تَفْهَقُ[1] بِالدَّمِ ، فَعَلِمْتُ أَنَّهَا مَجْمَعُ دِمَاءِ هٰؤُلَاءِ الْمَسَاكِينِ ، فَشَعَرْتُ كَأَنَّ سَحَابَةً سَوْدَاءَ تَهْبِطُ عَلَى عَيْنِي قَلِيلاً قَلِيلاً حَتَّى غَابَ عَنْ نَظَرِي كُلُّ شَيْءٍ فَسَقَطْتُ فِي مَكَانِي لَا أَشْعُرُ بِشَيْءٍ مِمَّا حَوْلِي ، فَلَمْ أَسْتَفِقْ حَتَّى مَضَتْ دَوْلَةٌ مِنَ اللَّيْلِ فَفَتَحْتُ عَيْنِي فَإِذَا شَبَحٌ أَسْوَدُ يَدْنُو مِنِّي رُوَيْداً رُوَيْداً ، فَارْتَعْتُ لِمَنْظَرِهِ ، وَفَزِعْتُ إِلَى سَاقِ الشَّجَرَةِ فَاخْتَبَأْتُ وَرَاءَهُ ، فَمَا زَالَ يَتَقَدَّمُ حَتَّى صَارَ بِجَانِبِي فَأَشْعَلَ مِصْبَاحاً صَغِيراً كَانَ فِي يَدِهِ فَتَبَيَّنْتُهُ عَلَى نُورِهِ فَإِذَا عَجُوزٌ شَمْطَاءُ فِي زِيِّ الْمَسَاكِينِ وَسَحْنَتِهِمْ ، فَمَشَتْ تَتَصَفَّحُ وُجُوهَ الْقَتْلَى حَتَّى بَلَغَتْ مَصْرَعَ الشَّيْخِ فَجَثَتْ بِجَانِبِهِ سَاعَةً تَبْكِيهِ وَتَنْدُبُهُ ، ثُمَّ مَشَتْ إِلَى رَأْسِهِ وَأَطْرَافِهِ فَجَمَعَتْهَا وَضَمَّتْهَا إِلَى جُثَّتِهِ ، ثُمَّ احْتَفَرَتْ لَهُ حُفْرَةً تَحْتَ سَاقِ الشَّجَرَةِ فَدَفَنَتْهُ فِيهَا وَقَامَتْ عَلَى قَبْرِهِ تُوَدِّعُهُ وَتَقُولُ : « فِي سَبِيلِ اللهِ مَا لَقِيتَ فِي سَبِيلِي وَسَبِيلِ أَحْفَادِكَ الْبُؤَسَاءِ أَيُّهَا الشَّهِيدُ الْمَظْلُومُ ، وَفِي ذِمَّةِ اللهِ وَكَنَفِهِ رُوحٌ طَارَ عَنْ جَسَدِكَ ، وَجَسَدٌ نَسَمَةٌ تَرَكَ ، فَقَدْ كُنْتَ خَيْرَ النَّاسِ زَوْجاً وَأَباً وَأَطْهَرَهُمْ لِسَاناً وَيَداً وَأَشْرَفَهُمْ قَلْباً وَنَفْساً ، فَاذْهَبْ إِلَى رَبِّكَ لِتَلْقَى جَزَاءَكَ عِنْدَهُ وَاطْلُبْ إِلَيْهِ الرَّحْمَةَ لِجَمِيعِ النَّاسِ حَتَّى لِقَاتِلِيكَ وَظَالِمِيكَ ، وَاسْأَلْهُ أَنْ يُلْحِقَنِي

---

[1] درخت کے پتے جھڑنا [2] کسی کی مصیبت پر خوش ہونا

میں اسے پار کر گیا اور اس کے پرلے کنارے پر پہنچ گیا تو میں نے ایک خوفناک منظر دیکھا۔ جس کا انزاج تک میرے نفس سے چمٹا ہوا ہے۔ میں نے اسے بوڑھے کا مٹی میں لتھڑا ہوا جثہ دیکھا جس کے نہ سر تھا نہ ہاتھ پاؤں۔ پھر میں نے اس کا سر اور اس کے ہاتھ پاؤں اِدھر اُدھر پڑے دیکھے جیسے وہ ننگے سر ماتم کرنے والیاں ہوں اور نوجوان کو ایک گھنے درخت سے بندھا دیکھا جیسے وہ بھی اسکی ایک شاخ ہو۔ اسکی ساری رگوں کا خون بہہ گیا تھا۔ حتیٰ کہ وہ ایک تصویر یا خیال سا ہو گیا تھا۔ اور وہ نوجوان لڑکی گوشت کا سرخ سرخ لوتھڑا ہو گئی تھی۔ نہ اس کا سر تھا نہ پاؤں اس کے گرد اس کے خون میں رنگے ہوئے پتھروں کا ڈھیر تھا۔ پھر میں نے ان تینوں لاشوں کے پاس ایک بڑا گڑھا دیکھا جو خون سے بھرا ہوا تھا۔ تو میں سمجھ گیا کہ یہ ان مسکینوں کے خون کا نالہ ہے۔ مجھے ایسا محسوس ہوا گویا ایک سیاہ بادل آہستہ آہستہ میری آنکھوں پر اتر رہا ہے۔ حتیٰ کہ میری نظر سے ہر چیز غائب ہو گئی۔ میں وہیں گر پڑا اور مجھے اپنے ماحول کا کچھ بھی ہوش نہ رہا۔ رات گئے مجھے ہوش آیا۔ میں نے آنکھ کھولی تو کیا دیکھتا ہوں۔ کہ کوئی کالی کالی چیز میرے آہستہ آہستہ قریب آ رہی ہے۔ میں اسے دیکھ کر ڈر گیا۔ اور درخت کے تنے کے پیچھے چھپ گیا۔ وہ آگے بڑھتا گیا۔ حتیٰ کہ میرے قریب آ گیا تو اس نے ایک چھوٹا سا چراغ روشن کیا جو اسکے ہاتھ میں تھا۔ میں نے چراغ کی روشنی میں دیکھا تو ایک چڑیل سی بوڑھی مسکین صورت و ہیبت والی مقتولین کے چہرے کو ٹٹول رہی ہے۔ حتیٰ کہ وہ بوڑھے کی قتل گاہ تک پہنچ گئی وہ گھنٹہ بھر بیٹھی روتی رہی۔ پھر اس کے سر اور پاؤں کی طرف گئی۔ انہیں اٹھا کر اسی کے لاشے کے پاس رکھ دیا۔ پھر درخت کی جڑ میں ایک گڑھا کھود کر اسے دفن کر دیا اور قبر پر کھڑے ہو کر الوداعی کلمات کہنے لگی۔ اللہ کی راہ میں تو نے میرے اور اپنے بدنصیب پوتوں کے لئے اے مظلوم: یہ مصیبت اٹھائی اللہ کیلئے اور اس کی پناہ میں تیری روح تیرے جسم سے اڑ گئی اور تیرا جسم تیری قبر میں در آیا: تو بڑا اچھا شوہر۔ بڑا عمدہ باپ بڑے پاکیزہ دل اور زبان والا شریف النفس روح والا تھا۔ اپنے پروردگار کے پاس چلا جا تاکہ وہ تجھے جزا دے اس سے رحم کی درخواست کر حتیٰ کہ اپنے ظالموں اور قاتلوں کیلئے بھی اور میرے لئے ۔۔۔ کہ وہ مجھے بہت جلد تجھ سے ملا دے ۔۔۔۔۔

بلاءً وشيكاً ، فلا شيء يعزيني عنك بعد فراقك إلا الأمل في لقائك ، فأبكاني بكاؤها وأحزنني منظرها ، ووقع في نفسي أنها صادقة فيما تقول ، وأن شيخها شهيد من شهداء القضاء . وأحببت أن أقف على قصتها وقصته فبرزت من مخبئي ومشيت إليها فارتاعت لمرآي عند النظرة الأولى ، ثم سكتت كأنما ذكرت أن لا قيمة لمصائب الحياة بعد مصابها الذي نزل بها ، فابتدرتها بقولي : لا تراعي يا سيدتي فإنني رجل غريب عن هذا البلد لا أعرف من شأنه . ولا من شأن أهله شيئاً ، وقد رأيت الساعة موقفك على هذا القبر وتفجعك على ساكنه فرثيت لك وبكيت لبكائك وتمنيت لو أفضيت إليّ بذات نفسك علّني أستطيع أن أكون لك عوناً على همّك ، فاستعبرت باكية وأنشأت تحدثني وتقول :

إن زوجي لم يكن في يوم من أيام حياته لصاً ولا سارقاً ، بل قضى أيام شبابه وكهولته عاملاً مجداً لا يفتر ساعة واحدة عن السعي في طلب رزقه ورزق أهل بيته حتى كبر ولده ، وكان واحده ، فاشتد به ساعده واحتمل عنه بعد ما كان يستقل بحمله من الهم ، وما هو إلا أن نعمنا به وبمعونته حقبة من الدهر حتى نزلت به نازلة الموت فذهبت بحياته أحوج ما كنا إليه ، وخلف وراءه خمسة أولاد صغار لا يتجاوز أكبرهم العاشرة من عمره ، وكانت قد أدركت أباه الشيخوخة ، فاجتمع عليه همّ الكبر وهمّ الثكل فأصبح عاجزاً عن العمل لا يستطيعه إلا في الفينة بعد الفينة ، وأصبحنا جميعاً في حالة من الشقاء والبؤس لا يعرف مكانها من نفوسنا إلا من ألم به في حياته طرف منها حتى طلعت علينا شمس يوم من الأيام ، وليس في يدنا ما نقوّم به أصلاب صغارنا ،

(١) وقتاً فوقتاً

کیونکہ مجھے اب کوئی چیز بھی تسلی نہیں دے سکتی۔ مگر تجھ سے ملاقات کی اُمید" میں اس کے رونے کی وجہ سے رونے لگا۔ اس کے غمناک منظر سے میں کبیدہ خاطر ہو گیا۔ مجھے یقین ہو گیا کہ وہ جو کچھ کہہ رہی ہے اور اسکا بوڑھا فضلِ الٰہی کا شہید ہے مجھے ان دونوں کے قصے سے دلچسپی ہوئی۔ میں جہاں سے چھپا تھا۔ وہاں سے نکلا اور اسکی طرف بڑھا تو وہ دیکھتے ہی ڈر گئی۔ مگر پھر اسے اطمینان ہو گیا۔ گویا اسے اس بات کا خیال آگیا کہ جو مصیبت اس پر پڑی ہے اس کے بعد زندگی کی کسی مصیبت کی کیا قسمت ہو سکتی ہے میں نے جلدی سے اس سے کہا۔ محترمہ! آپ ڈریں نہیں۔ میں اس شہر میں ایک اجنبی ہوں انسان ہوں۔ میں اس شہر کے یا اس کے باشندوں کے بارے میں کچھ نہیں جانتا میں نے اس وقت آپ کو اس قبر پر کھڑے دیکھا۔ اور قبر والے پر آنسو بہاتے دیکھا تو مجھے آپ پر رحم آگیا اور میں آپ کے رونے کی وجہ سے رو پڑا۔ میری یہ خواہش ہوئی کہ آپ مجھ سے اپنے دل کی بات کہہ دیں۔ شاید میں آپ کے غم کے بارے میں آپ کی مدد کر سکوں۔ اسکی آنکھوں میں آنسو بھر آئے اور یوں گویا ہوئی "میرا شوہر زندگی بھر کبھی چور نہیں بنا۔ بلکہ اس نے اپنی جوانی اور پختہ عمری کام کاج میں بسر کی کہ کبھی بھی ایک گھڑی بھر کے لئے اپنے اور گھر والوں کیلئے رزق کی تلاش میں کبھی غفلت نہیں برتی۔ حتیٰ کہ اس کا بیٹا جوان ہو گیا۔ وہ اکلوتا بیٹا تھا۔ اس کے جوان ہونے سے اس کے بازو طاقتور ہو گئے اور اس کا بوجھ اٹھانے لگے۔ ابھی چند دنوں ہی ہم نے اس کا آرام و عیش دیکھا تھا کہ موت آگئی۔ اور اس کی زندگی کا ایسے وقت خاتمہ کر گئی کہ ہم اس کے بہت محتاج تھے۔ وہ اپنے پیچھے پانچ چھوٹے چھوٹے بچے چھوڑ گیا۔ سب سے بڑا دس سال سے زیادہ کا نہیں ہے۔ باپ بوڑھا ہو چکا تھا۔ اسے دو غم لگ گئے ایک بڑھاپے کا دوسرے بیٹے کے فوت ہونے کا۔ لہٰذا وہ کام کے قابل نہ رہا۔ البتہ گاہے بگاہے کچھ کر لیتا تھا۔ ہم سب کے سب ایک ایسی بدبختی میں مبتلا ہو گئے۔ جس کا صحیح اندازہ وہی شخص کر سکتا ہے۔ جس پر اس قسم کی مصیبت پڑی ہو حتیٰ کہ ایک دن سورج طلوع ہوا۔ تو ہمارے ہاتھ میں اتنا بھی نہ تھا کہ ہم اپنے بچوں کی کمر سیدھی رکھ سکیں۔ یا انہیں

وَلَا مَا نُعَلِّلُهُمْ بِهِ تَعْلِيلًا ، فَأَسْقَطَ فِي يَدِنَا وَعَلِمْنَا أَنَّا هَالِكُونَ جَمِيعاً إِنْ لَمْ يَتَدَارَكْنَا اللهُ بِرَحْمَةٍ مِنْ عِنْدِهِ فَلَمْ أَرَ بُدّاً مِنْ أَنْ أَلْجَأَ إِلَى الْخُطَّةِ الَّتِي يَلْجَأُ إِلَيْهَا كُلُّ مُضْطَرٍّ عَدِيمٍ ، فَبَرَزْتُ إِلَى النَّاسِ أَتَعَرَّضُ لِمَعْرُوفِهِمْ وَأَسْتَنْدِي مَاءَ أَكُفِّهِمْ فَلَمْ أَجِدْ بَيْنَهُمْ مَنْ يُحْسِنُ إِلَيَّ بِجُرْعَةٍ أَوْ مُضْغَةٍ ، وَلَا مَنْ يَدُلُّنِي عَلَى سَبِيلِ ذَلِكَ ، وَكَانَ أَكْبَرُ مَا حَالَ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ وَصَرَفَ وُجُوهَهُمْ عَنِّي أَنِّي لَا أَلْبَسُ مُرَقَّعَةَ الشَّحَّاذِينَ ، وَلَا أَحْمِلُ رَكْوَتَهُمْ فَعُدْتُ إِلَى مَنْزِلِي وَبَيْنَ جَنْبَيَّ مِنَ الْهَمِّ مَا اللهُ بِهِ عَلِيمٌ ، فَرَأَيْتُ الْأَطْفَالَ سُهَّداً يَتَضَاغَوْنَ جُوعاً ، وَرَأَيْتُ الشَّيْخَ جَالِساً بَيْنَهُمْ يَبُلُّ تُرْبَةَ الْأَرْضِ بِلَمْوعِهِ وَيَقْرَعُ كَفَّهُ بِكَفِّهِ لَا يَعْلَمُ مَاذَا يَصْنَعُ ، وَلَا كَيْفَ يَحْتَالُ ، وَلَوْ أَنَّ شَخْصَ الْمَوْتِ بَرَزَ إِلَيَّ فِي تِلْكَ السَّاعَةِ لَكَانَ مَنْظَرُهُ أَهْوَنَ عَلَى نَفْسِي مِنْ مَنْظَرِ هَؤُلَاءِ الصِّبْيَةِ ، وَهُمْ يُحَدِّقُونَ فِي وَجْهِي عِنْدَ دُخُولِي وَيَلُوذُونَ حَوْلِي لِيَرَوْا هَلْ عُدْتُ إِلَيْهِمْ بِمَا يَسُدُّ جَوْعَتَهُمْ ؟ وَمَا عُدْتُ إِلَيْهِمْ إِلَّا بِالْيَأْسِ الْقَاتِلِ وَالْكَمَدِ الشَّامِلِ ؟ فَتَقَدَّمْتُ نَحْوَ الشَّيْخِ ، وَقُلْتُ لَهُ : إِنَّ فِي دَيْرِ الْمَدِينَةِ كَمَا يَزْعُمُونَ مَالاً لِلصَّدَقَاتِ يَتَوَلَّى الْكَاهِنُ الْأَعْظَمُ إِنْفَاقَهُ عَلَى الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ فَلَوْ ذَهَبْتَ إِلَيْهِ وَكَشَفْتَ لَهُ حَالَكَ وَسَأَلْتَهُ أَنْ يَمْنَحَكَ عُلَالَةً تَسْتَعِينُ بِهَا عَلَى أَمْرِكَ لَرَجَوْتُ أَنْ تُ[illegible] لَوْعَةَ هَؤُلَاءِ الْأَطْفَالِ الْمَسَاكِينِ ، فَاسْتَنَارَ وَجْهُهُ بِنُورِ الْأَمَلِ وَقَامَ إِلَى عَصَاهُ فَاعْتَمَدَ عَلَيْهَا وَمَشَى إِلَى الدَّيْرِ حَتَّى بَلَغَهُ فَصَعِدَ إِلَى حُجْرَةِ الْكَاهِنِ حَتَّى وَقَفَ بَيْنَ يَدَيْهِ ، فَنَفَضَ لَهُ جُمْلَةَ حَالِهِ وَسَكَبَ تَحْتَ قَدَمَيْهِ جَمِيعَ مَا أَبْقَتِ الْأَيَّامُ فِي جَفْنَيْهِ الْقَرِيحَيْنِ مِنْ دُمُوعٍ ، فَاسْتَقْبَلَهُ الْكَاهِنُ بِأَقْبَحِ مَا يُسْتَقْبَلُ بِهِ مَسْؤُولٌ سَائِلًا وَقَالَ لَهُ : إِنَّ الدَّيْرَ لَا يُحْسِنُ إِلَّا إِلَى الَّذِينَ أَسْلَفُوهُ الْإِحْسَانَ

---

۱ چھری تیز کرنا

کچھ بھی بہلا سکیں۔ ہمیں یقین ہوگیا کہ اگر رحمت الٰہی نے مدد نہ کی تو ہم سب ہلاک
ہو جائیں گے لہٰذا مجھے سوائے اسکے کوئی چارہ کار نظر نہ آیا جس کی طرف ہر مفلس پریشان
حال پناہ پکڑتا ہے۔ میں نکلی تا کہ لوگوں سے خیرات مانگوں اور انکی ہتھیلی کے پانی سے
تری حاصل کروں تو میں نے کسی ایک کو بھی نہ پایا جو ایک گھونٹ یا ایک بوٹی دے
دے یا اس کی طرف میری رہبری کرے۔ سب سے بڑی چیز جو میرے اور ان کے درمیان
حائل تھی وہ یہ تھی کہ میں بھیک مانگنے والوں کی طرح گدڑی پہنے ہوئے نہ تھی۔ نہ میرے
پاس ڈھوبرا تھا۔ لہٰذا میں گھر لوٹ آئی۔ میرے دِل میں ایک ایسا غم تھا جسے خدا ہی
جانتا ہے۔ میں نے دیکھا کہ بچے بیدار ہیں اور بھوک سے بلبلا رہے ہیں اور بڈھا
ان کے بیچ میں بیٹھا ہُوا ہے اور اپنے آنسوؤں سے زمین کو تر کر رہا ہے اور ہاتھ مل
رہا ہے۔ وہ نہیں جانتا تھا کہ کیا کرے۔ کیا حیلہ کرے۔ اگر اس وقت موت میرے
سامنے آجاتی تو ان بچوں کے اس منظر سے میرے لئے اس کا منظر آسان تھا۔ جب میں
داخل ہوئی تو وہ میرا مُنہ تکنے لگے اور میرے ارد گرد گھومنے لگے کہ میں انکی بھوک
مارنے کیلئے کچھ لائی ہُوں۔ حالانکہ میں مار ڈالنے والی نااُمیدی اور غم کامل کے سوا کچھ نہ
لائی تھی۔ میں بوڑھے کی طرف بڑھی اور اس سے کہا شہر کے کینسے میں خیرات کا کچھ مال
ہے جس کو فقراء پر خرچ کرنے کا اختیار کاہنِ اعظم کو ہے اگر آپ وہاں جائیں اور
اس سے اپنی ضرورت کا اظہار کریں۔ اور تھوڑا سا اس سے طلب کریں۔ تو ہمیں
اُمید ہے کہ ہم ان مسکین بچوں کی آگ بجھا دیں گے۔ یہ سُن کر اُمید سے اس کا
چہرہ چمکنے لگا۔ اپنی لاٹھی کی طرف بڑھا اور ٹیک لگاتا ہُوا کلیسا کی طرف روانہ
ہُوا۔ وہاں پہنچا تو کاہن کے حجرے پر جا کر اس کے سامنے کھڑا ہوگیا۔ اس سے
سب کچھ حال واشگاف کر دیا۔ اور جو کچھ آنسو اسکی زخمی پلکوں میں زمانے نے
چھوڑے تھے۔ سارے ہی اس کے قدموں تلے بہا دیئے۔ کاہن نے اس کا بُری طرح
استقبال کیا کہ اس سے زیادہ بُرا سلوک کسی سائل کے ساتھ نہیں کیا جا سکتا۔
اور اس سے کہا کہ کینسہ تو صرف انہی لوگوں کے ساتھ احسان کرتا ہے۔
جنہوں نے پہلے اس کے ساتھ احسان کیا ہو۔

قَبْلُ ، وَمَا كُنْتَ فِيْ يَوْمٍ مِنْ أَيَّامِ رَغَدِكَ وَرِخَائِكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ إِلَيْهِ فَاذْهَبْ لِشَأْنِكَ فَأَبْوَابُ الْعَيْشِ وَاسِعَةٌ بَيْنَ يَدَيْكَ ، فَإِنْ ضَاقَتْ بِكَ فَأَبْوَابُ الْحَرَامِ أَوْسَعُ مِنْهَا ، فَخَرَجَ مِنْ حَضْرَتِهِ كَئِيْبًا مَحْزُوْنًا لَا يُرٰى فَضَاءُ الدُّنْيَا فِيْ نَظَرِهِ إِلَّا كَكِفَّةِ الْحَابِلِ أَوْ أُفْحُوْصِ الْقَطَاةِ حَتّٰى نَزَلَ إِلٰى سَاحَةِ الدَّيْرِ فَلَمَحَ فِيْ إِحْدٰى زَوَايَاهُ غِرَارَةَ دَقِيْقٍ فَحَدَّثَتْهُ نَفْسُهُ بِهَا ، وَمَا كَانَتْ تُحَدِّثُهُ لَوْلَا الْعَوَزُ وَالْفَاقَةُ ، ثُمَّ أَدْرَكَهُ الْحَيَاءُ فَأَغْضٰى عَنْهَا وَاسْتَمَرَّ سَائِرًا فِيْ طَرِيْقِهِ حَتّٰى صَارَ بِجَانِبِهَا فَوَقَعَ نَظَرُهُ عَلَيْهَا مَرَّةً أُخْرٰى فَعَاوَدَهُ حَدِيْثُهُ الْأَوَّلُ فَحَاوَلَ دَفْعَهُ فَلَمْ يَسْتَطِعْ فَجَلَسَ بِجَانِبِهَا يُحَدِّثُ نَفْسَهُ وَيَقُوْلُ : إِنَّ الطَّعَامَ طَعَامُ الْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِيْنِ ، وَأَنَا فَقِيْرٌ مِسْكِيْنٌ ، لَا أَعْلَمُ أَنَّ بَيْنَ أَسْوَارِ هٰذِهِ الْمَدِيْنَةِ ، وَلَا فِيْ جَمِيْعِ أَرْبَاضِهَا رَجُلًا أَحْوَجُ ، وَلَا أَفْقَرُ مِنِّيْ ، فَإِنْ كَانَ الطَّمَعُ فِيْ هٰذِهِ الْغِرَارَةِ جَرِيْمَةً فَقَدْ أَذِنَ لِيَ الْكَاهِنُ بِارْتِكَابِ الْحَرَامِ فِيْ سَبِيْلِ الْعَيْشِ ، ثُمَّ مَشٰى إِلَيْهَا فَاحْتَمَلَهَا عَلٰى ظَهْرِهِ وَمَشٰى بِهَا جَاهِدًا مُتَرَجِّحًا ، فَمَا تَجَاوَزَ عَتَبَةَ الدَّيْرِ حَتّٰى أَثْقَلَهُ الْحَمْلُ وَشَعَرَ أَنَّهُ عَاجِزٌ عَنِ الْمَسِيْرِ فَحَدَّثَتْهُ نَفْسُهُ بِإِلْقَائِهِ عَنْ ظَهْرِهِ ، ثُمَّ تَمَثَّلَ لَهُ مَنْظَرُ أَحْفَادِهِ الصِّغَارِ ، وَهُمْ أَلْقَاءٌ تَحْتَ جُدْرَانِ الْبَيْتِ يَتَضَوَّرُوْنَ جُوْعًا فَتَحَامَلَ عَلٰى نَفْسِهِ وَمَشٰى يَعْتَمِدُ عَلٰى عَصَاهُ مَرَّةً ، وَعَلَى الْجِدَارِ مَرَّةً أُخْرٰى حَتّٰى نَالَ مِنْهُ الْجَهْدُ فَأَحَسَّ كَأَنَّ أَنْفَاسَهُ قَدْ جَمَدَتْ فِيْ صَدْرِهِ لَا تَهْبِطُ ، وَلَا تَعْلُوْ ، وَأَنَّ مَا كَانَ بَاقِيًا فِيْ عَيْنَيْهِ مِنْ نُوْرٍ قَدِ انْطَفَأَ دَفْعَةً وَاحِدَةً فَأَصْبَحَ لَا يَرٰى شَيْئًا مِمَّا حَوْلَهُ ، وَإِذَا نَفْثَةٌ مِنْ دَمٍ قَدْ دَفَقَتْ مِنْ صَدْرِهِ فَانْحَدَرَتْ

---

۱ آتا ۲ تفتیش ۳ عظمت نو عمری

تو اپنی خوش عیشی و خوشحالی میں کسی دن بھی محسنین میں سے نہیں ہوا ۔ لہٰذا اپنا راستہ لے زندگی کے دروازے تیرے سامنے کھلے ہیں ۔ اگر یہ راہ تنگ ہو جائے تو جرائم کی راہ اس سے زیادہ وسیع ہے ۔ وہ اسکی بارگاہ سے سخت غمگین لوٹا ۔ فضائے عالم اسکی آنکھوں میں جال لگانے والے کی کچھی کی طرح یا ٹیڑی کے انڈے سینے کی جگہ کی طرح تنگ تھی حتیٰ کہ وہ کلیسا کے صحن کی طرف اترا اس نے ایک کونے میں آٹے کی بوری دیکھی ۔ دِل نے کہا اسے لے چل ۔ اگر محتاجی اور فاقہ مستی نہ ہوتی تو اسے اس بات کا خیال تک نہ آتا ۔ پھر شرم دامنگیر ہوئی اور اس نے اپنی آنکھیں بند کر لیں ۔ وہ چلتا رہا حتیٰ کہ اس تک پہنچ گیا ۔ دوسری بار پھر اسکی نظر اس بوری پر پڑی پھر وہی پہلا خیال دامن گیر ہوا اس نے اسے دفع کرنا چاہا مگر نہ کر سکا وہ اس کے پاس بیٹھ کر دِل ہی دِل میں کہنے لگا ۔ یہ رزق فقراء کے لئے ہے ۔ اور میں فقیر مسکین ہوں میں سمجھتا ہوں کہ اس شہر پناہ اور اس سرزمین میں مجھ سے بڑھ کر کوئی فقیر و محتاج نہیں ۔ اگر اس بوری کا لالچ جرم بھی ہو تو کاہن نے مجھے زندگی گزارنے کے لئے اجازت دے دی ہے ۔ لہٰذا وہ اس کی طرف بڑھا اور بوری کو پیٹھ پر لاد کر گرتے پڑتے چلا کنیسہ کی چوکھٹ سے پار نہ ہوا تھا کہ بوجھ نے اسے عاجز کر دیا ۔ اسے احساس ہوا کہ وہ اٹھا نہیں سکتا ۔ لہٰذا دِل نے کہا اسے پیٹھ سے پھینک دے مگر چھوٹے چھوٹے پوتوں کی صورتیں آنکھوں کے سامنے گھوم گئیں ۔ کہ وہ گھر کی دیوار تلے پڑے بلبلا رہے ہیں ۔ اس نے تحمل سے کام لیا اور ایک بار پھر لاٹھی اور دیوار کا سہارا لے کر چل کھڑا ہوا مگر سخت تھکاوٹ محسوس ہوئی اور ایسا لگا جیسے سینے میں سانس جم گیا ہو کہ نہ چڑھتا ہے نہ اُترتا ہے اس کی آنکھوں کی روشنی دفعتاً بجھ گئی ، وہ ادگرد کچھ بھی نہ دیکھ سکا ۔ اچانک سینے سے خون آیا ۔

عَلَى رِدَائِهِ فَسَقَطَ فِي مَكَانِهِ مَغْشِيّاً عَلَيْهِ، وَلَمْ يَزَلْ عَلَى حَالِهِ تِلْكَ حَتَّى مَرَّ بِهِ الْعَسَسُ فَرَأَوْهُ وَرَأَوْا الْغَرَارَةَ بِجَانِبِهِ فَارْتَابُوا بِهِ، وَكَانَ رُهْبَانُ الدَّيْرِ قَدْ أَخَذُوا يَتَصَايَحُونَ فِيمَا بَيْنَهُمْ: الْغَرَارَةَ! الْغَرَارَةَ! وَيَنْشُدُونَهَا فِي أَنْحَاءِ الدَّيْرِ حَتَّى يَئِسُوا مِنْهَا فَخَرَجُوا يَطْلُبُونَهَا فِي كُلِّ مَكَانٍ حَتَّى الْتَقَوْا بِالْعَسَسِ حَوْلَ مَصْرَعِ الشَّيْخِ فَعَرَفُوا ضَالَّتَهُمْ، وَمَا هِيَ إِلَّا سَاعَةٌ حَتَّى كَانَتِ الْغَرَارَةُ فِي الدَّيْرِ وَكَانَ الشَّيْخُ فِي السِّجْنِ، ثُمَّ كَانَ بَعْدَ ذَلِكَ مَا رَأَيْتُ مِنْ أَمْرِهِ، فَوَاأَسَفَاهُ عَلَيْهِ لَقَدْ مَاتَ شَهِيداً مَظْلُوماً، وَوَارَحْمَتَاهُ لِي وَلِأَطْفَالِي الْبُؤَسَاءِ الْمَسَاكِينِ مِنْ بَعْدِهِ!.

ثُمَّ نَهَضَتْ مِنْ مَكَانِهَا وَمَسَحَتْ عَبْرَتَهَا بِطَرَفِ رِدَائِهَا وَنَظَرَتْ إِلَى الْقَبْرِ نَظْرَةً طَوِيلَةً وَقَالَتْ: «الْوَدَاعَ يَا رَفِيقَ صِبَايَ، وَعِمَادَ شَيْخُوخَتِي! الْوَدَاعَ يَا خَيْرَ الْأَزْوَاجِ وَأَبَرَّ الْعُشَرَاءِ! الْوَدَاعَ حَتَّى يَجْمَعَ اللهُ بَيْنِي وَبَيْنَكَ فِي دَارِ جَزَائِهِ» ثُمَّ انْكَفَأَتْ رَاجِعَةً فِي الطَّرِيقِ الَّتِي جَاءَتْ مِنْهَا.

وَمَا هُوَ إِلَّا أَنْ تَغَلْغَلَ شَخْصُهَا فِي أَعْمَاقِ الظَّلَامِ حَتَّى رَأَيْتُ شَبَحاً آخَرَ يَتَرَاءَى مِنْ حَيْثُ اخْتَفَى الشَّبَحُ الْأَوَّلُ وَمَا زَالَ يَتَقَدَّمُ نَحْوِي مُتَسَلِّلاً يَخْتَلِسُ خُطُوَاتِهِ اخْتِلَاساً فَاخْتَبَأْتُ وَرَاءَ الشَّجَرَةِ لِأَرَى مَا هُوَ صَانِعٌ، وَكَانَ الْقَمَرُ قَدْ بَدَأَ يُشْرِفُ عَلَى الْوُجُودِ مِنْ مَطْلَعِهِ وَيُرْسِلُ الْخُيُوطَ الْأُولَى مِنْ أَشِعَّتِهِ عَلَى تِلْكَ السَّاحَةِ الْكُبْرَى فَرَأَيْتُ الشَّبَحَ عَلَى نُورِهِ فَإِذَا فَتَاةٌ جَمِيلَةٌ بَاكِيَةٌ لَمْ أَرَ فِي حَيَاتِي دَمْعَةً عَلَى خَدٍّ أَجْمَلَ مِنْ دَمْعَتِهَا عَلَى خَدِّهَا، فَدَارَتْ بِعَيْنَيْهَا لَحْظَةً حَتَّى وَقَعَ نَظَرُهَا عَلَى جُثَّةِ الْمَصْلُوبِ بَيْنَ أَعْوَادِ الشَّجَرَةِ فَمَشَتْ إِلَيْهِ وَمَدَّتْ يَدَهَا إِلَى الْحَبْلِ الْمَشْدُودِ بِهِ فَعَالَجَتْ عُقْدَتَهُ حَتَّى انْحَلَّتْ ثُمَّ احْتَمَلَتْهُ

اچھ کیدار

اور اسکی چادر پر گر گیا۔ لہٰذا وہ وہیں بیہوش ہوکر گر پڑا اسی حالت میں تھا کہ پہرے دار ادھر سے گذرے انہوں نے دیکھا کہ بوری بوڑھے کے برابر پڑی ہوئی ہے لہٰذا انہیں شک ہُوا۔ کنیسے کے راہب ٹہل رہے تھے۔ بوری بوری تا آنکہ ناامید ہوگئے تو ادھر اِدھر اُدھر تلاش کرنے لگے حتیٰ کہ پہرہ داروں سے بوڑھے کے پاس ملاقات ہوگئی۔ انہوں نے گمشدہ بوری کو پہچان لیا۔ گھنٹہ بھر نہ گزرا تھا کہ بوری کنیسے میں اور بڈھا جیل میں تھا۔ پھر اس کے بعد جو کچھ ہُوا آپ نے دیکھا۔ افسوس ہے کہ اس پردہ شہید مظلوم مرا۔ خدا مجھ پر اور میرے مصیبت زدہ مسکین بچوں پر اس کے بعد رحم فرمائے؟ پھر وہ اپنی جگہ سے اُٹھی۔ اپنی چادر سے آنسو صاف کئے اور دیر تک قبر کی طرف دیکھتی رہی۔ پھر بولی۔ الوداع۔ اے بہترین شوہر اور اے بہترین دوست الوداع اے بچپن کے ساتھی اے میرے بڑھاپے کے سہارے الوداع۔ حتیٰ کہ اللہ ہمیں تمہیں ملا دے اپنے دار الجزا میں پھر وہ اسی راستے سے واپس چلی گئی جدھر سے آئی تھی؟ ابھی تاریکی میں اسکی پرچھائیں غائب ہی ہوئی تھی کہ دوسری پرچھائیں اسی طرف سے دکھائی دی۔ وہ چپکے چپکے آہستہ آہستہ بڑھی تو میں درخت کی آڑ میں ہوگیا۔ دیکھوں کیا کرتا ہے۔ چاند طلوع ہوچکا تھا۔ اور اس بڑے میدان میں اپنی شعاعوں کے تار پھیلا رہا تھا۔ میں نے آنے والی پرچھائیں کو چاند کی روشنی میں دیکھا۔ تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک حسین وجمیل لڑکی روتی ہوئی آرہی ہے۔ میں نے عمر بھر کوئی آنسو اتنے حسین رُخساروں پر کبھی نہیں دیکھا تھا۔ اس نے اِدھر اُدھر نظر گھمائی تو اس کی نگاہ درختوں کی شاخوں کے مصلوب پر پڑی وہ اس کی طرف بڑھی اور بندھی ہوئی رسی کی طرف ہاتھ بڑھایا۔ اسکی گرہ کھولی تو وہ کھل گئی۔ پھر اس

عَلَى يديها وأضجعته على الأرض ووقفت بجانبه ساعة تنظر إليه جامدة ساكنة كأنها غير آبهة ولا حافلة ثم هتفت صارخة : واشقيقاه ! وسقطت فوقه تضمّه وتقبّله وتلثم شعره وجبينه وتزفر فيما بين ذلك زفيراً متداركاً كأنما تنفث أفلاذ كبدها نفثاً ، حتى نال منها الجهد فترنحت قليلاً ثم هوت بجانبه هوي الجذع الساقط لا حراك بها ، فأهمني أمرها وخفت أن يكون قد لحق بها مكروه فمشيت إليها حتى صرت بجانبها فشعرت بأنفاسها الضعيفة تتردد في صدرها ، فعلمت أنها حية فجلست فوق رأسها أندبها وأدعو الله لها حتى استفاقت بعد هنيهة فرأتني بجانبها فنظرت إليّ نظرة حائرة ، ثم تقدمت نحوي وقالت : على من تبكي أيها الرجل الغريب ؟ قلت : أبكي عليك يا سيدتي وعلى فقيدك البائس المسكين ، قالت : نعم إنه بائس مسكين فابك عليه يا سيدي كثيراً فقد كان زينة الشباب وزهرة الحياة وريحانة النفوس ومتعة الأفئدة والقلوب ، ولقد ظلموه إذ قتلوه فما كان قاتلاً ولا مجرماً ، ولكنه رجل رأى عرضه فريسة في يد من يريد [illegible] فقطع تلك اليد الممتدة إليه وانتقم لنفسه وللشرف والفضيلة منها ، ولو أنصفوه لاستبقوه رحمة به وبشبابه ، فما أجرم من ذاد عن عرضه ولا أثم من قتل قاتله . قلت : هل لك أن تقصي عليّ قصته يا سيدتي ؟ قالت : نعم .

نزل قريتنا صباح يوم من الأيام قائد من قواد الأمير الذين يطوفون البلاد لجمع الضرائب فمر بأبيات القرية بيتاً بيتاً حتى بلغ منزلنا وكنت واقفة على بابه فنظر إليّ نظرة مريبة طار لها قلبي رعباً وفرقاً ثم سألني عن أخي فأرشدته إلى مكانه فسأله عن المال فاستنسأه إياه أياماً قلائل حتى يبيع غلته فأبى إلا

---

۱ تار تار ہونا ۔ کپڑا پھاڑنا
۲ پارہ پارہ ہونا ۔

نے لاش کو اپنے ہاتھوں پر لیا اور زمین پر لٹا دیا۔ ایک گھڑی بھر وہ اسے نہایت سکون سے دیکھتی رہی۔ جیسے اسے کوئی پرواہ نہ ہو۔ پھر یک لخت پھوٹ پڑی۔ ارے بھیا۔ وہ اس پر گر پڑی کبھی اسے اپنے سینے سے لگاتی اور کبھی اسے بوسہ دیتی کبھی اس کے بالوں اور پیشانی کو چومتی اور اس درمیان میں پے در پے ایسی آہیں بھرتی جیسے وہ جگر کے ٹکڑے اُگل رہی ہو۔ حتیٰ کہ تھک گئی۔ پھر کچھ لڑکھڑائی اور میت کے برابر گر پڑی جیسے درخت کا تنا گر پڑے۔ وہ بے حس و حرکت تھی۔ مجھے اس کے معاملہ سے دلچسپی ہوگئی۔ میں ڈرا کہیں اسے کوئی آواز نہ پہنچ جائے۔ لہٰذا اسکی طرف بڑھا۔ یہاں تک کہ اس کے کمزور سانس اس کے سینے میں لڑکھڑا رہے ہیں۔ مجھے معلوم ہوگیا کہ وہ زندہ ہے۔ میں اس کے سر کی طرف بیٹھ کر رونے اور دُعا کرنے لگا۔ حتیٰ کہ کچھ دیر بعد اسے ہوش آگیا اس نے مجھے اپنے برابر دیکھا تو حیرت سے دیکھنے لگی۔ پھر میری طرف بڑھی اور بولی۔ اے اجنبی تو کیوں روتا ہے۔ میں نے کہا۔ محترمہ۔ آپ پر اور آپ کے مرحوم مصیبت زدہ مسکین بھائی پر روتا ہوں۔ وہ بولی۔ ہاں! وہ مصیبت زدہ مسکین تھا۔ محترم۔ آپ جتنا چاہے رو لیجئے۔ وہ زینت شباب گل زندگی۔ ریحان قلوب اور تسکین نفوس تھا۔ انہوں نے اسے قتل کرکے ظلم کا ارتکاب کیا ہے۔ کیونکہ وہ قاتل تھا۔ نہ مجرم۔ البتہ اس نے دیکھا کہ اس کی آبرو بے حرمتی کرنیوالے کے ہاتھ لگ گئی ہے۔ لہٰذا اس نے بڑھنے والے ہاتھ کو کاٹ ڈالا۔ اور اپنے نفس، اپنی شرافت اور اپنی فضیلت کا بدلہ لے لیا۔ اگر لوگ انصاف کرتے تو ضرور اسکی جوانی پر اور اس پر رحم کرتے، کیونکہ جو شخص اپنی آبرو سے مدافعت کرے وہ مجرم نہیں ہوسکتا۔ نہ اپنے قاتل کو قتل کرنے والا گناہ گار ہوسکتا ہے۔ میں نے کہا محترمہ۔ کیا آپ مجھے اسکا قصہ سنا سکتی ہیں؟ اس نے کہا۔ ہاں! ایک دن صبح صبح ہمارے گاؤں میں بادشاہ کا ایک سپہ سالار آیا جو شہر شہر چکر لگا کر ٹیکس وصول کرتے ہیں۔ وہ گاؤں کے ایک ایک گھر سے گذرا حتیٰ کہ ہمارے گھر بھی پہنچ گیا۔ میں دروازے میں کھڑی تھی۔ تو اس نے مجھے بُری نگاہ سے دیکھا۔ میرا دل خوف سے بھر گیا۔ ہوگیا۔ پھر مجھ سے میرے بھائی کے بارے میں معلوم کیا۔ میں نے اسے وہاں تک پہنچا دیا۔ اس نے میرے بھائی سے مطالبہ کیا۔ تو اس نے چند دنوں کی مہلت طلب کی تاکہ اپنا غلہ بیچ سکے۔

أَن يَنقلَهُ السَّاعةَ أَوْ يأخذني رَهينةً عندَهُ إلى يَوْم الوفاءِ . وَغَمَزَ في بَعض أعوانِهِ فَدارُوا حَوْلي وَكُنتُ أَسمَعُ قَبلَ اليوم حديثَ أُولئكَ الفتيات الشقيات اللَّواتي يَدْخلنَ رَهائنَ في قَصرِ الأميرِ فلا يَخرُجنَ مِنهُ إلاَّ ساقطاتٍ أَوْ محمولاتٍ ، فَفَزِعتُ إلى أَخي وَلصقتُ بِهِ فوَقفَ بَيْني وَبَينَ الرَّجلِ ، وَقالَ لَهُ : لا شأنَ لكَ مَعَ الفتاةِ إنَّما أنا صاحِبُ المالِ وَأنا المأخُوذُ بِهِ مِنْ دُونِ النَّاسِ جَميعاً ، فإنْ كانَ لا بُدَّ لكَ مِن رَهينةٍ فأنا رَهينةُ مالِكَ حتَّى يَصِلَ إليكَ ، فقالَ لهُ لا بُدَّ لي مِنَ المالِ أوِ الرَّهينةِ وَلا بُدَّ أَن تكُونَ الرَّهينةُ كما أُريدُ ، فإنْ أَبَيتَ فَحَياتُكَ فِداءٌ عَنها ، فغَضِبَ أخي غَضبةً انتفضَ لها جَبينُهُ عرقاً وَلمْ أَرَهُ في ساعةٍ مِن ساعاتِ غَضَبِهِ قبلَ اليومِ وَقالَ لهُ : فلتكُنْ حَياتي فِداءً لِشَرَفي ، ثُمَّ جَرَّدَ سَيفَهُ وَضَرَبَهُ بِهِ ضَربةً طارتْ بِرَأسِهِ وَوَقفَ في مَكانِهِ لا يَبرحُهُ وَسَيفُهُ يَقطُرُ دماً حَتَّى غَلَّهُ[1] الأعوانُ واحتمَلُوهُ إلى السِّجنِ ، فتِلكَ حَياتُهُ يا سَيِّدي وَذاكَ مَماتُهُ ، فَلَئِنْ بَكَيتُهُ أَنا أَبكي فَتى الفِتيانِ هِمَّةً وَنَجدةً ، وَنادِرةَ الرِّجالِ عِزَّةً وَإباءً وَأفضلَ الأُخوةِ رَحمةً وَحَناناً .

ثُمَّ قالتْ : هَل لكَ أَن تُعينَني يا سَيِّدي عَلى مُوارَاتِهِ قَبلَ أَن يَحُولَ النَّهارُ بَيني وَبَينَهُ فقدْ أَصبحتُ واهيةً مُتَضَعْضِعَةً لا أَقوى عَلى شيءٍ ، فقُمتُ إلى الشَّجرةِ فاحتفرتُ حَوْلَ ساقِها حُفرةً بِجانبِ حُفرةِ الشَّيخِ فَوارَيتُهُ فيها ، فتقدَّمتِ الفتاةُ نحوَ القبرِ وَجَثتْ بجانبِهِ ساعةً مُطرِقةً ساكنةً ، لا أَعلمُ هَلْ هِيَ باكيةٌ أَوْ ذاهلةٌ حتَّى فارقتْ مَكانَها ؟ فرأيتُ تُربةَ القبرِ مُخضلَةً بِدُموعِها ثُمَّ مَدَّتْ يَدَها إليَّ وَقالتْ : شُكراً لكَ يا سَيِّدي فقدْ أَعَنتَني عَلى مَوْقِفٍ قَلَّما يَجِدُ فيهِ مُستَعِينٌ مُعيناً ، وَمَضتْ لِسَبيلِها .

---

[1] غيب لگانا يا كمزور، عاجز هونا

سپہ سالار نے کہا۔ ابھی دو ورنہ اس لڑکی کو ادائیگی کے دن تک گروی رکھو۔ اس نے اپنے مددگاروں کو اشارہ کیا تو انہوں نے مجھے گھیرے میں لے لیا۔ میں اس سے قبل ان نوجوان بدبخت لڑکیوں کے واقعات سن چکی تھی جو بادشاہ کے محل میں گروی رہتی ہیں تو وہاں سے بے آبرو ہو کر نکلتی ہیں۔ میں بھائی کی طرف دوڑی اور اس سے لپٹ گئی۔ وہ میرے اور سپہ سالار کے درمیان حائل ہو گیا۔ اور بولا آپ کو لڑکی سے کیا تعلق۔ مال والا میں۔ میں ہی ماخوذ ہو سکتا ہوں اگر رھن کی ضرورت ہے۔ تو میں ہی گروی ہو سکتا ہوں۔ اس نے کہا جب تک مال نہ پہنچے ٹیکس دو یا لڑکی۔ مال مرہون میری مرضی کے مطابق ہو گا۔ اگر تو انکار کرتا ہے تو اپنی زندگی سے ہاتھ دھولے۔ میرے بھائی کو سخت غصہ آگیا اور اسکی پیشانی سے پسینہ ٹپکنے لگا۔ جسے میں نے کبھی غصے کی حالت میں اس طرح نہ دیکھا تھا۔ وہ بولا میری زندگی میری شرافت پر قربان پھر اس نے تلوار سونت کر اسکی گردن اڑا دی۔ وہ وہیں کھڑا رہا۔ اسکی تلوار سے خون ٹپک رہا تھا۔ حتیٰ اس کے مددگاروں نے طوق در گلو کر کے قید خانے پہنچا دیا۔

اے محترم! یہ ہے اسکی زندگی اور یہ ہے اسکی موت۔ اگر میں اسے روتی ہوں تو میں ایک کامل ہمت و جرأت والے جوان ہمت و غیرت والے نادر انسان اور بہترین رحم دل والے بھائی کو روتی ہوں؟ اے محترم۔ کیا آپ اسکی نعش کے چھپانے میں میری مدد کر سکتے ہیں قبل اس کے کہ دن نکل آئے۔ کیونکہ میں بڑی کمزور ہو گئی ہوں۔ مجھ سے تو کچھ بھی نہیں ہو سکتا۔ میں درخت کی طرف گیا اور اس کے تنے کے نیچے بوڑھے کی قبر کے برابر گڑھا کھودا اور اس میں چھپا دیا۔ لڑکی قبر کی طرف آئی اور تھوڑی دیر سر جھکائے بیٹھی رہی۔ پتہ نہیں وہ رو رہی تھی یا بیہوش تھی۔ حتیٰ کہ وہاں سے اٹھ کھڑی ہوئی۔ میں نے دیکھا تو قبر کی مٹی اس کے آنسوؤں سے بھیگی ہوئی تھی پھر اس نے میری طرف ہاتھ بڑھایا اور کہا شکریہ۔ کیونکہ آپ نے میری ایسے وقت مدد کی ہے جبکہ بہت کم کوئی مدد کرتا ہے۔ یہ کہہ کر اس نے اپنی راہ لی۔

فأتبعتها نظري حتى اختفت آخر طية من طيات ردائها ، فعدت إلى نفسي ، فإذا جثة الفتاة المرجومة لا تزال مكانها فهاجني منظرها وقلت في نفسي : إنني لا أدخر لنفسي عملاً أرجو فيه رحمة الله وإحسانه يوم جزائه ، أفضل من مواراة هذه المسكينة التراب ، فاحتفرت لها حفرة بجانب حفرة الشهيدين ثم ألقيت عليها ردائي واحتملتها على يدي حتى أضجعتها في حفرتها ، فإني لأحثو عليها التراب إذ شعرت بحركة ورائي ، فالتفت فإذا فتى يافع متلفع ببردة سوداء لا يستبين منها غير بياض وجهه ، فابتدرني بقوله : من صاحب هذا القبر الذي تحثو ترابه يا سيدي ؟ قلت : فتاة مرجومة رأيت جثتها الساعة منبوذة في هذا العراء فرحمت مصرعها واحتفرت لها هذا القبر الذي تراه ، فقال : إن لي يا سيدي مع هذه الفتاة شأناً ، فهل تأذن لي أن أودعها الوداع الأخير قبل أن يحول التراب بيني وبينها ؟ قلت : نعم شأنك وما تريد ، وتنحيت قليلاً فدنا من القبر وجثا فوق ... وظل يناجي الدفينة نجاء خلت أن الكواكب تردده في سمائها ، الرياح ترجعه في أجوائها ، حتى استنفد نفسه ، فقام إلى التراب يهيله عليها حتى واراها ، ثم التفت إلي وقال : لقد شكر الله لك يا سيدي هذه اليد التي أسديتها إلى هذه الفتاة المظلومة بستر ما كشف الناس عن عورتها ، وحفظ ما أضاعوا من حرمتها ، فجزاك الله خيراً بما فعلت ، وأحسن إليك كما أحسنت إليها ، وأراد الرجوع فاستوقفته وقلت له : وهل ماتت هذه الفتاة مظلومة كما تقول ؟ فانفجرت شفتاه عن ابتسامة مرة ونظر إلي نظرة هادئة مطمئنة وقال : نعم يا سيدي ؟ ولولا ذلك ما رأيتني الساعة واقفاً على حافة قبرها أندبها .

أنا الرجل الذي اتهموها به ، وأستطيع أن أقول لك كما أقول لربي يوم أقف بين يديه رافعاً إليه ظلامتها : إنها بريئة مما رموها به ،

ایک لگائے ہوئے ۲ ارادہ

میں نے اس کے پیچھے نظریں دوڑائیں۔ یہانتک کہ اسکی چادر کی آخری لپیٹ بھی میری نظروں سے اوجھل ہو گئی۔ اب مجھے ہوش آیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ نوجوان سنگسار شدہ لڑکی کی نعش ابتک اپنے ہی مقام پر پڑی ہے۔ یہ منظر دیکھ کر مجھے بڑا ہیجان ہوا اور دل میں کہا۔ اس سے زیادہ رحمت الٰہی کا داعیہ اور کون سا ئل ہو سکتا ہے کہ میں اس مسکین عورت کو مٹی میں چھپا دوں لہٰذا میں نے ان دونوں شہیدوں کے برابر ایک گڑھا کھودا۔ پھر اس پر اپنی چادر ڈال دی اور اپنے ہاتھوں پر اٹھا کر اسے اس گڑھے میں سلا دیا۔ میں اس پر مٹی ڈال ہی رہا تھا کہ پیچھے کچھ آہٹ محسوس ہوئی۔ میں نے مڑ کر دیکھا تو ایک نوجوان سیاہ چادر میں لپٹا ہوا کھڑا ہے اور صرف اس کے چہرے کی سفید ٹکیہ دکھائی دے رہی ہے اس نے پہل کرتے ہوئے پوچھا۔ محترم جس پر آپ مٹی ڈال رہے ہیں یہ کس کی قبر ہے میں نے کہا سنگسار شدہ لڑکی کی۔ میں نے اس میدان میں اس کی لاش پڑی دیکھی تو مجھے رحم آ گیا۔ اور میں نے قبر کھود دی۔ جناب میرا اس لڑکی سے اس قسم کا تعلق ہے۔ تو کیا آپ مجھے اجازت دیں گے کہ اسے آخری بار رخصت کر دوں۔ قبل ازیں کہ اس کے اور میرے درمیان مٹی حائل ہو جائے۔ میں نے کہا۔ ہاں آپ کو اختیار ہے۔ میں ایک طرف ہو گیا تو وہ قبر کے قریب کر بیٹھ گیا

اور مدفونہ سے سرگوشی کرنے لگا۔ مجھے ایسا معلوم ہوا کہ سارے آسمانوں پر اور ہوائیں فضاؤں میں اسے دہرا رہی ہیں حتیٰ کہ اس کا کلیجہ کچھ ٹھنڈا ہو گیا۔ تو وہ اس پر مٹی ڈالنے لگا۔ اور اسے چھپا دیا۔ پھر میری طرف متوجہ ہو کر بولا۔ جناب اللہ نے آپکا شکریہ ادا کیا کہ آپنے اس نوجوان لڑکی کیساتھ احسان کیا اور جس چیز کو لوگوں نے بے پردہ کر دیا تھا اسے چھپا دیا۔ اور جو اس کی حرمت ریزی کی گئی تھی اسپر پردہ ڈال دیا۔ اللہ آپکو جزائے خیر دے اور جس طرح آپ نے اسکے ساتھ احسان کیا اللہ آپ کے ساتھ احسان کرے۔ وہ واپس جانے لگا تو میں نے اسے روک لیا اور کہا۔ کیا یہ لڑکی مظلوم مری ہے جیسا کہ آپکا خیال ہے ایک تلخ مسکراہٹ کے ساتھ اس کے ہونٹ کھلے۔ وہ میری طرف پُر سکون نظر سے دیکھنے لگا اور بولا۔ ہاں جناب۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو اس وقت آپ مجھے اسکی قبر کے کنارے روتے نہ دیکھتے۔ میں ہی وہ شخص ہوں جس کے ساتھ انہوں نے اسے متہم کیا ہے۔ میں آپ سے کہہ سکتا ہوں جس طرح کہ اپنے پروردگار سے روز جزا میں اسکی طرف سے اپیل کرتے ہوئے کہوں گا کہ یہ اس بات سے بالکل بری ہے جسکے ساتھ متہم کی گئی ہے۔

وإنها أطهر من الزهرة المطلولة ، وأنقى من القطرة الصافية.

لقد أحببت هذه الفتاة مذ كانت طفلة لاعبة ، وأحبتني كذلك ثم شبينا وشب الحب معنا فتعاقدنا على الوفاء والإخلاص ، ثم خطبتها إلى أبيها فأخطبني راضياً مسروراً حتى إذا لم يبق بيني وبين البناء بها الا أيام معدودات . إذ نزلت بأبيها نازلة الموت ، فعلمنا أن لا بد لنا من الانتظار بأنفسنا عاماً كاملا ، ففعلنا ، حتى إذا انقضى العام أو كاد ، حدث أن ذهبت الفتاة إلى قاضي المدينة في أمر يتعلق بميراثها فرآها القاضي فتبعتها نفسه فأرسل وراء عمها ، وكان ولي أمرها بعد أبيها ، وهو رجل من الطامعين المداهنين الذين لا يبالون أن يخوضوا بحراً من الدم إذا تراءى لهم على شاطئه الآخر دينار لامع ، فعرض عليه رغبته في الزواج مع ابنة أخيه فطار بهذه المنحة فرحاً وسروراً ، ولم يتردد في إجابة طلبه ، وعاد إلى الفتاة يحمل إليها هذه البشرى فاستقبلته بوجه باسر وقالت له : إنني لا أستطيع أن أكون خطيبة رجلين في آن واحد ، فلم يبل بقولها وقال لها : ستتزوجين ممن أريد طائعة أو كارهة فلا خيار لك في نفسك إنما الخيار لي في أمرك وحدي ، وما هي إلا أيام قلائل حتى أعلنوا لها عدة زواجها وسموا يوماً لزفافها ، فما غربت شمس ذلك اليوم حتى جمعت ما كان لها في بيتها من ثياب وحلية ، وخرجت تحت ستار الليل هائمة على وجهها لا تعلم أين تذهب ، ولا أي طريق تسلك ، وكان عمها قد رفع إلى القاضي أمر فرارها فبث عليها عيونه وأرصاده يطلبونها في كل مكان ، حتى لمحها بعضهم جالسة تحت بعض الجدران فأقبل عليها فذعرت لمرآه وتركت حقيبتها مكانها وفرت بين يديه

إعوطه لكانا لا انتظار .

وہ شبنم آلود پھول سے زیادہ پاک اور صاف قطرے سے زیادہ صاف ہے۔ اس لڑکی سے جبکہ ابھی یہ کھیلنے کودنے کے ہی لائق تھی مجھے محبت ہوگئی اور اسے مجھ سے محبت ہوگئی۔ پھر ہم دونوں جوان ہوئے۔ تو دونوں کی محبت بھی جوان ہوگئی۔ لہٰذا ہم نے آپس میں وفا و اخلاص کا معاہدہ کیا۔ پھر اس کے باپ کو پیغام بھیجا تو اس نے خوشی خوشی منظور کر لیا۔ تا آنکہ جب میرے اور اس کے درمیان شب عروسی کے چند دن رہ گئے تو اس کا باپ مرگیا۔ ہم نے کہا سال بھر تو انتظار کرنا چاہیئے۔ حتیٰ کہ جب سال ختم ہوگیا یا ختم ہونے کے قریب آیا۔ تو میں اس لڑکی کے ساتھ میراث کے ایک معاملہ میں قاضی کے پاس گیا قاضی نے اسے دیکھا تو عاشق ہوگیا۔ لہٰذا اس کے چچا کے پاس جو اس کا ولی تھا آدمی بھیجا وہ ایک لالچی آدمی تھا۔ اگر اسے خون کے سمندر کے اس پار چمکتا ہوا دینار دکھائی دے تو وہ اس میں گھس جائے۔ قاضی نے اس کی بھتیجی سے شادی کرنے کا خیال ظاہر کیا تو وہ اس سنہری موقعہ سے پھولا نہ سمایا اور بغیر کسی عذر کے پیام قبول کر لیا۔ لڑکی کے پاس خوشخبری لایا تو اس نے ترش روئی سے جواب دیا اور کہا۔ میں بیک وقت دو آدمیوں کی منگیتر نہیں بن سکتی۔ اس نے اس بات کی پرواہ نہ کی اور کہا۔ تجھے مجبوراً یا بخوشی اس شخص کے ساتھ شادی کرنی پڑے گی جس سے میں چاہتا ہوں۔ تجھے اپنا کوئی اختیار نہیں۔ تیرا اختیار مجھے ہے۔ چند دن نہ گزرے تھے کہ شادی کی تیاری ہونے لگی اور رخصتی کا دن مقرر ہوگیا۔ اس دن سورج ڈوبنے کے بعد۔ وہ تمام زیور اور کپڑے لے کر رات کی تاریکی میں نکل کھڑی ہوئی اسے پتہ نہ تھا۔ کہ کہاں جا رہی ہے اور کس طرف جا رہی ہے۔ اس کے چچا نے اس کے فرار ہونے کے بارے میں قاضی کے ہاں اپیل کی تو اس نے اپنے جاسوس چھوڑ دیئے کہ اسے ڈھونڈھ کر لائیں۔ ایک شخص نے اسے ایک دیوار کے نیچے بیٹھا دیکھ لیا۔ وہ اس طرف بڑھا تو وہ ڈر گئی۔ گٹھڑی چھوڑ کر وہاں سے بھاگ کھڑی ہوئی۔

تعدو عدواً سريعاً ، وكنت عائداً في تلك الساعة إلى منزلي ، فرأتني فألقت نفسها عليّ وقالت : إنهم يتبعونني ، وإنهم إن ظفروا بي قتلوني ، فارحمني يرحمك الله ، فأمنتني أمرها وذهبت بها إلى منزلي وأخفيتها في بعض حجراته . وما هي إلا ساعة حتى دخل عمها ووراءه أعوان القاضي يطلبها طلباً شديداً ، فأنكرت رؤيتها فلم يصدقني ، وأخذ يضرب أبواب الحجرات باباً باباً حتى ظفر بها فصاح : ها هي الفتاة الزانية ، وهذا صاحبها ، فأقسمت له بكل محرجة من الأيمان أنها بريئة مما يرميها به فلم يصغ إلي ، وأمر الأعوان فاحتملوها ، وحاولت أن أحول بينهم وبينها فضربني أحدهم على رأسي ضربة طارت بصوابي فسقطت مغشياً عليّ ، فلم أستفق إلا بعد ساعة ، فوجدت الحمى قد أخذت مأخذها من جسمي ، فلزمت فراشي بضعة أيام لا أفيق ساعة حتى يتمثل لي ذلك المنظر الذي رأيته فأشعر بالرعدة تتمشى في أعضائي فأعود إلى ذهولي واستغراقي حتى أدركتني رحمة الله فأبللت منذ الأمس بعض الإبلال واستطعت أن أخرج الليلة من منزلي ، فعلمت ما تم من أمر تلك المسكينة ، فجئت كما تراني أودعها الوداع الأخير وأواري جثتها التراب ، وما أنا بالسالي عنها ، ولا بالذائق حلاوة العيش من بعدها حتى ألحق بها .

ثم ألقى على قبرها نظرة جمعت في طياتها جميع معاني النظرات البائسات من حزن وبأس ولوعة وشقاء ، ومضى لسبيله .

فما أبعد إلا قليلاً حتى رأيت القمر ينحدر إلى مغربه ، ثم ما لبث أن اختفى وإذا الفضاء ظلمة وسكون ، وإذا الساحة وحشة وانقباض ، فصعدت على ربوة عالية مشرفة على القبور الثلاثة ، ثم تلفعت بردائي وألقيت رأسي على بعض الصخور وأنشأت

میں اس وقت گھر کی طرف لوٹ رہا تھا۔ اس نے میری پناہ لی اور بولی۔ لوگ میرے پیچھے آرہے ہیں۔ اگر مجھے پالیا تو مار ڈالیں گے۔ مجھ پر رحم کر اللہ تجھ پر رحم کرے گا۔ مجھے بڑا دکھ ہوا اور اسے اپنے گھر لے گیا۔ اور ایک کوٹھڑی میں چھپا دیا۔ ایک گھڑی نہ گزری تھی اس کا چچا داخل ہوا۔ قاضی کے مددگار اس کے ساتھ ساتھ اسے سختی سے تلاش کر رہے تھے۔ میں نے انکار کر دیا کہ مجھے پتہ نہیں، مگر وہ نہ مانا۔ دروازے، دروازے ٹٹولتا پھرا حتیٰ کہ وہ ہاتھ لگ گئی تو وہ چلایا۔ دیکھو یہ ہے وہ زنا کار لڑکی اور یہ ہے اس کا یار میں نے ہر قسم کی قسمیں کھائیں کہ یہ بالکل پاک دامن ہے۔ مگر اس نے ایک نہ سنی اور قاضی کے آدمیوں سے کہا اسے گرفتار کر لو۔ میں درمیان میں آیا تو ایک شخص نے میرے سر پہ زور سے ضرب لگائی کہ مجھے ہوش نہ رہا۔ اور میں گر پڑا۔ ایک گھنٹے بعد ہوش آیا تو دیکھا کہ بخار نے آلیا ہے۔ چند دن میں صاحبِ فراش رہا کہ ایک گھڑی کیلئے بھی ہوش نہ آیا۔ اور جب بھی ذرا ہوش آتا تو وہ منظر نظروں کے سامنے آجاتا۔ تو میرے سارے اعضاء میں رعشہ پھیل جاتا۔ میں پھر بیہوش ہو جاتا۔ حتیٰ کہ اللہ نے فضل کیا اور کل شام سے مجھے شفا نصیب ہوئی۔ آج رات میں اپنے گھر سے نکلا ہوں مجھے علم ہوا کہ کیا بیتی تو اسے آخری الوداع کہنے آیا ہوں اور اسکی نعش کو مٹی تلے چھپا دوں اب اس کے بعد میں کبھی بھی اسے نہیں بھول سکتا۔ نہ لذت زندگی سے بہرہ ور ہو سکتا ہوں تا آنکہ اس سے جا ملوں۔ پھر اسکی قبر پہ نگاہ ڈالی۔ جس میں غم، حسرت، سوزش، بدبختی کے تمام معنی جمع تھے اور پھر اپنی راہ لی۔ تھوڑی دیر نہ گزری تھی کہ میں نے دیکھا۔ چاند اپنی غروب گاہ کی طرف اتر رہا ہے۔ پھر چھپ گیا تو ساری فضا تاریکی و خاموشی میں ڈوب گئی۔ اور میدان پر وحشت و انقباض طاری ہو گیا۔ میں ایک ٹیلے پر چڑھ گیا جو ان تینوں قبروں کے اوپر تھا۔ پھر چادر اوڑھ لی اور ایک چٹان پہ سر رکھ کر

أُحدِّثُ نفسِي وَأقُولُ :

لَيْتَ شِعْرِي ! أَلاَ يُوجَدُ فِي هذِهِ الدُّنْيَا عَادِلٌ ، وَلاَ رَاحِمٌ ، فَإِنْ خلَتْ مِنهُمَا رُقعةُ الأَرْضِ فَهَلْ خَلَتْ مِنهُمَا سَاحَةُ السَّمَاءِ ؟

أَجْرَمَ الزَّعِيمُ الدِّينِيُّ لِأَنَّهُ ضَنَّ عَلَى ذلِكَ الشَّيخِ المِسْكِينِ بِالنزرِ مِنْ مَالٍ يَسُدُّ بِهِ جُوعَتَهُ وَجُوعَةَ أَهْلِ بَيْتِهِ ، فَاضْطُرَّ الرَّجُلُ إِلَى ارْتِكَابِ جَرِيمَةِ السَّرِقَةِ ، فَعُوقِبَ السَّارِقُ عَلَى سَرِقَتِهِ ، وَلَمْ يُعَاقَبِ القَاسِي عَلَى قَسْوَتِهِ ، وَلَوْلَا قَسْوَةُ القَاسِي مَا كَانَت سَرِقَةُ السَّارِقِ .

وَأَجْرَمَ الأَمِيرُ لِأَنَّهُ أَرْسَلَ قَائِدَهُ لِاخْتِطَافِ فَتَاةٍ حُرَّةٍ لَا تُؤْثِرُ أَنْ تَجُودَ بِعِرْضِهَا فَاضْطُرَّ أَخُوهَا إِلَى الذَّوْدِ عَنْهَا فَارْتَكَبَ جَرِيمَةَ القَتْلِ ، فَعُوقِبَ الفَتَى عَلَى جَرِيمَتِهِ وَسَلِمَ مِنَ العُقُوبَةِ مَن دَفَعَهُ إِلَى الإِجْـرَامِ .

وَأَجْرَمَ القَاضِي لِأَنَّهُ أَرَادَ أَنْ يُكْرِهَ فَتَاةً لَا تُحِبُّهُ عَلَى الزَّوَاجِ مِنْهُ ، فَفَرَّتْ مِن وَجْهِهِ فَعَاقَبُوهَا عَلَى فِرَارِهَا ، وَلَمْ يُعَاقِبُوا القَاضِيَ عَلَى ظُلْمِهِ وَاسْتِبْدَادِهِ .

وَهٰكَذَا أَصْبَحَ المُجْرِمُ بَرِيئاً ، وَالبَرِيءُ مُجْرِماً ، بَلْ أَصْبَحَ المُجْرِمُ قَاضِيَ البَرِيءِ وَصَاحِبَ الحَقِّ فِي مُعَاقَبَتِهِ .

فَهَلْ تَسْقُطُ السَّمَاءُ عَلَى الأَرْضِ بَعْدَ اليَوْمِ ، أَمْ لَا تَزَالُ تُنِيرُهَا بِكَوَاكِبِهَا وَنُجُومِهَا ، وَتُمْطِرُهَا غَيْثَهَا وَمُزْنَهَا .

ثُمَّ الْتَفَتُّ إِلَى مَصْرَعِ المَقْبُورِينَ فَوَقَعَ نَظَرِي عَلَى بِرْكَةِ الدَّمِ الَّتِي اجْتَمَعَتْ فِيهَا دِمَاءُ هٰؤُلَاءِ الشُّهَدَاءِ . فَرَأَيْتُ خَيَالَ نَجْمٍ فِي السَّمَاءِ يَتَلَأْلَأُ فَوْقَ صَفْحَتِهَا ، فَرَفَعْتُ نَظَرِي إِلَى النَّجْمِ فَإِذَا هُوَ المِرِّيخُ .

إ تالاب

اپنے دل سے باتیں کرنے لگا۔ کیا اس دُنیا میں کوئی عادل اور رحم دِل نہیں ہے۔ اگر سطح زمین خالی ہوگئی ہے تو کیا آسمان کی پہنائی بھی اس سے خالی ہوگئی ہے۔ اس مذہبی رہنما نے جرم کیا کہ اس بوڑھے غریب کو ایک درہم بھی نہ دیا۔ جس سے وہ اپنی اور اپنے گھر والوں کی بھوک کو روک سکتا۔ لہذا بیچارہ چوری کرنے پر مجبور ہُوا۔ تو چور کو چوری کی سزا مل گئی۔ اور سنگدل کو سنگدلی کی سزا نہ ملی۔ اگر سنگدل کی سنگدلی نہ ہوتی تو چور سے چوری سرزد نہ ہوتی۔

جرم بادشاہ نے کیا کہ اپنے سپہ سالار کو شریف لڑکی کے اٹھا لانے کو بھیجا جو عزت دینا گوارا نہ کرتی تھی۔ لہذا اس کا بھائی اسکی طرف سے مدافعت پر مجبور ہوگیا۔ اور اس نے قتل کا ارتکاب کر لیا تو نوجوان کو جرم کی سزا مل گئی اور وہ شخص بھلا چنگا رہا۔ جس نے اسے اِس جرم پر مجبور کیا تھا۔

جرم قاضی نے کیا کہ ایک نوجوان لڑکی کو جو اس سے محبت نہ کرتی تھی۔ اسے شادی پر مجبور کیا وہ اس صورت حال سے بیزار ہو کر بھاگ گئی تو اسے بھاگنے کی سزا مل گئی اور قاضی کو اس کے ظلم و استبداد کی سزا نہ ملی۔ اس طرح مجرم بَری اور بَری مجرم بن گیا۔ بلکہ مجرم بَری کا قاضی اور حقدار بن گیا کہ اسے سزا دے تو کیا آج کے دن کے بعد آسمان زمین پر گر پڑے گا یا ہمیشہ اسے اپنے ستاروں سے منور کرتا رہے گا۔ اور اپنی بارشیں اس پر برساتا رہیگا۔ پھر میں ان قبروں کی قتل گاہ کی طرف متوجہ ہُوا۔ تو میری نظر اس خونی گڑھے پر پڑی جہاں ان شہیدوں کا خون جمع تھا۔ میں نے دیکھا کہ آسمان پر ایک ستارہ چمک رہا ہے۔ میں نے جو نظر اُٹھا کر دیکھا تو مریخ

يَتَلَهَّبُ وَيَضْطَرِمُ كَأَنَّهُ جَمْرَةُ الغَيْظِ فِيْ أَفْئِدَةِ المَوْتُوْرِيْنَ ، فَعَلِقَ نَظَرِيْ بِهِ سَاعَةً ، ثُمَّ رَأَيْتُ كَأَنَّهُ يَهْبِطُ مِنْ عَلْيَائِهِ رُوَيْداً رُوَيْداً ، فَيَعْظُمُ جَرْمُهُ كُلَّمَا ازْدَادَ هُبُوْطُهُ حَتَّى إِذَا لَمْ يَبْقَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الأَرْضِ إِلَّا مِيلٌ أَوْ بَعْضُ مِيلٍ ، إِذَا بِهِ يَنْتَفِضُ انْتِفَاضاً شَدِيْداً ، وَإِذَا هُوَ عَلَى صُوْرَةِ مَلَكٍ مِنْ مَلَائِكَةِ العَذَابِ يَنْبَعِثُ الشَّرَرُ مِنْ عَيْنَيْهِ وَمَنْخِرَيْهِ ، وَيَتَطَايَرُ مِنْ أَجْنِحَتِهِ وَأَطْرَافِهِ ، فَلَمْ يَزَلْ هَابِطاً حَتَّى نَزَلَ عَلَى رَأْسِ الشَّجَرَةِ الَّتِيْ تُظَلِّلُ قُبُوْرَ الشُّهَدَاءِ ، ثُمَّ صَفَّقَ بِجُنَاحَيْهِ تَصْفِيْقَةً اهْتَزَّتْ لَهَا جَوَانِبُ الأَرْضِ وَأَضَاءَتْ بِهَا الأَرْجَاءُ ، ثُمَّ أَخَذَ يَنْطِقُ بِصَوْتٍ كَأَنَّهُ جَلْجَلَةُ الرَّعْدِ فِيْ آفَاقِ السَّمَاءِ وَيَقُوْلُ : « هَا هُمُ النَّاسُ قَدْ عَادُوْا إِلَى مَا كَانُوْا عَلَيْهِ ، وَهَا هِيَ الأَرْضُ قَدْ مُلِئَتْ شُرُوْراً وَفَسَاداً حَتَّى لَمْ يَبْقَ فِيْهَا بُقْعَةٌ طَاهِرَةٌ يَسْتَطِيْعُ أَنْ يَأْوِيَ إِلَيْهَا مَلَكٌ مِنْ أَمْلَاكِ السَّمَاءِ .

هَا هُمُ الأَقْوِيَاءُ قَدِ ازْدَادُوْا قُوَّةً ، وَالضُّعَفَاءُ قَدِ ازْدَادُوْا ضَعْفاً وَهَا هِيَ لُحُوْمُ الفُقَرَاءِ تَنْحَدِرُ فِيْ بُطُوْنِ الأَغْنِيَاءِ انْحِدَاراً ، فَلَا الأَوَّلُوْنَ بِمُسْتَمْسِكِيْنَ ، وَلَا الآخِرُوْنَ بِقَانِعِيْنَ .

هَا هُمُ الفُقَرَاءُ يَمُوْتُوْنَ جُوْعاً ، فَلَا يَجِدُوْنَ مَنْ يُحْسِنُ إِلَيْهِمْ . وَالمَنْكُوْبُوْنَ يَمُوْتُوْنَ كَمَداً ، فَلَا يَجِدُوْنَ مَنْ يُعِيْنُهُمْ عَلَى هُمُوْمِهِمْ وَأَحْزَانِهِمْ .

هَا هُمُ الأُمَرَاءُ قَدْ خَانُوْا عَهْدَ اللهِ وَخَفَرُوْا ذِمَامَهُ ، فَأَغْمَدُوْا السُّيُوْفَ الَّتِيْ وَضَعَهَا اللهُ فِيْ أَيْدِيْهِمْ لِإِقَامَةِ العَدْلِ وَالحَقِّ ، وَتَقَلَّدُوْا سُيُوْفاً غَيْرَهَا ، لَا هِيَ إِلَى الشَّرِيْعَةِ ، وَلَا إِلَى الطَّبِيْعَةِ ، وَمَشَوْا بِهَا يَفْتَتِحُوْنَ لِأَنْفُسِهِمْ طَرِيْقَ شَهَوَاتِهِمْ وَلَذَائِذِهِمْ حَتَّى يَنَالُوا مِنْهَا مَا يُرِيْدُوْنَ .

---

١ بھڑکنا ٢ مصیبت زدہ

شعلہ زن تھا۔ جیسے وہ طالب قصاص کے دلوں کا انگارہ ہو۔ ایک لمحہ بھر میں اسے دیکھتا رہا۔ پھر کیا دیکھتا ہوں کہ وہ آہستہ آہستہ اتر رہا ہے۔ اور جس قدر نیچے اُترتا آتا ہے اس کا جسم پھولتا جاتا ہے۔ حتیٰ کہ اس کے اور زمین کے درمیان ایک میل یا اس سے کم فاصلہ رہ گیا۔ تو کیا دیکھتا ہوں کہ وہ بڑے زور سے جُھرجُھری لے رہا ہے۔ پھر کیا تھا وہ عذاب کا فرشتہ بن گیا۔ جس کے نتھنوں، آنکھوں، بازوؤں اور پیروں سے شرارے جھڑ رہے تھے، وہ اترتا رہا۔ حتیٰ کہ اس درخت پر اتر آیا۔ جوان شہیدوں کی قبروں پر سایہ کئے ہوئے تھا۔ پھر اس نے اپنے دونوں بازو اس زور سے ہلائے کہ شش جہت زمین پر لرز گئے اور ہر طرف روشنی پھیل گئی۔ بعد ازاں وہ بجلی کی طرح کڑکتے ہوئے بولا۔ ہاں دیکھو لوگ پھر وہی حرکتیں کرنے لگے اور زمین شر و فساد سے بھر گئی۔ حتیٰ کہ ایک بھی پاکیزہ مکان باقی نہیں رہا۔ جہاں کوئی آسمانی فرشتہ پناہ لے سکے۔

دیکھو طاقتور بہت قوی ہو گئے ہیں۔ اور کمزور زیادہ کمزور ہو گئے ہیں۔ یہ دیکھو! فقیروں کے گوشت امیروں کے پیٹ میں اُتر رہے ہیں۔ نہ اگلے یاد آنے والے ہیں نہ پچھلے قناعت کرنے والے ہیں۔

دیکھو فقیر بھوکے رہ رہے ہیں کوئی ان پر احسان کرنے والا نہیں۔ اور مصیبت زدہ۔ بے چارے کسمپرسی بیار ہیں ان کا کوئی مددگار نہیں کوئی ہے ان کے مصائب اور غموں کا مداوا کرنے والا۔

دیکھو حکام۔ عہدِ الٰہی میں خیانت کر رہے ہیں اور اس کے عہد کو توڑ رہے ہیں۔ انہوں نے وہ تلوار جو اللہ نے ان کے ہاتھوں میں حق و عدل قائم کرنے کے لئے دی تھی۔ وہ نیام میں کر لی ہے اور دوسری طرح کی تلواریں نکال لی ہیں جو نہ شریعت کی پابند ہیں نہ فطرت کی وہ یہ تلواریں سے شہوتوں اور لذتوں کی راہیں کھول رہے ہیں تاکہ اپنا مقصد حاصل کر سکیں۔

هَا هُمُ القُضَاةُ قَدْ طَمِعُوا وَظَلَمُوا ، وَوَضَعُوا القَانُونَ تُرْساً أَمَامَ أَعْيُنِهِمْ يُصِيبُونَ مِنْ وَرَائِهِ ، وَلَا يُصَابُونَ ، وَيَنَالُونَ مَنْ يَشَاءُونَ تَحْتَ حِمَايَتِهِ ، وَلَا يُنَالُونَ .

هَا هُمْ زُعَمَاءُ الدِّينِ قَدْ أَصْبَحُوا زُعَمَاءَ الدُّنْيَا ، فَحَوَّلُوا مَعَابِدَهُمْ إِلَى مَغَاوِرَ لُصُوصٍ يَجْمَعُونَ فِيهَا مَا يَسْرِقُونَ مِنْ أَمْوَالِ العِبَادِ ، ثُمَّ يَضَنُّونَ بِالقَلِيلِ مِنْهُ عَلَى الفُقَرَاءِ وَالمَسَاكِينِ .

هَا هُمُ النَّاسُ جَمِيعاً قَدْ أَصْبَحُوا أَعْوَاناً لِلأُمَرَاءِ عَلَى شَهَوَاتِهِمْ ، وَالقُضَاةِ عَلَى ظُلْمِهِمْ ، وَزُعَمَاءِ الأَدْيَانِ عَلَى لُصُوصِيَّتِهِمْ ، فَلْتَسْقُطْ عَلَيْهِمْ جَمِيعاً نَقْمَةُ اللهِ مُلُوكاً وَمَمْلُوكِينَ وَرُؤَسَاءَ وَمَرْؤُوسِينَ .

لِتَسْقُطِ العُرُوشُ ، وَلْتَتَهَدَّمِ المَعَابِدُ ، وَلْتَتَقَوَّضِ المَحَاكِمُ ، وَلْيَعُمَّ الخَرَابُ المُدُنَ وَالأَمْصَارَ ، وَالسُّهُولَ وَالأَوْعَارَ ، وَالنِّجَادَ وَالأَغْوَارَ ، وَلْتَغْرَقِ الأَرْضُ فِي بَحْرٍ مِنَ الدِّمَاءِ يَهْلِكُ فِيهِ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ ، وَالشُّيُوخُ وَالأَطْفَالُ ، الأَخْيَارُ وَالأَشْرَارُ ، وَالمُجْرِمُونَ وَالأَبْرِيَاءُ ، وَمَا ظَلَمَهُمُ اللهُ ، وَلَكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ . »

وَمَا انْتَهَى مِنْ دَعْوَتِهِ بِالشَّرِّ ، حَتَّى رَأَيْتُ بِرْكَةَ الدَّمِ تَفُورُ كَمَا فَارَ التَّنُّورُ يَوْمَ دَعْوَةِ نُوحٍ ، ثُمَّ فَاضَتِ الدِّمَاءُ مِنْهَا وَمَشَتْ تَتَدَفَّقُ فِي الأَرْضِ تَدَفُّقَ السَّيْلِ المُنْحَدِرِ ، وَإِذَا الأَرْضُ بَحْرٌ أَحْمَرُ يَزْخَرُ وَيَعُجُّ وَيَكْتَسِحُ أَمَامَهُ كُلَّ شَيْءٍ مِنْ زَرْعٍ وَضَرْعٍ ، وَقُصُورٍ وَأَكْوَاخٍ ، وَحَيَوَانٍ وَإِنْسَانٍ ، وَنَاطِقٍ وَصَامِتٍ ، ثُمَّ شَعَرْتُ بِهِ يَعْلُو شَيْئاً فَشَيْئاً حَتَّى ضَرَبَ بِأَمْوَاجِهِ رَأْسَ الرَّبْوَةِ الَّتِي أَنَا جَالِسٌ فَوْقَهَا ، فَصَرَخْتُ صَرْخَةً عُظْمَى فَاسْتَيْقَظْتُ مِنْ نَوْمِي ، وَكَانَ ذَلِكَ فِي صَبَاحِ اليَوْمِ الثَّامِنِ وَالعِشْرِينَ مِنْ شَهْرِ يُولْيُو سَنَةَ ١٩١٤ ، فَإِذَا صَائِحٌ يَصِيحُ تَحْتَ نَافِذَةِ غُرْفَتِي : إِعْلَانُ الحَرْبِ !

یہ دیکھو قاضی لالچی ہو گئے ہیں۔ ظالم بن گئے ہیں اور انہوں نے ایسے قانون بنا لیئے ہیں کہ وہ ان کے پیچھے شکار کھیلیں اور انہیں ذرا سی بھی زک نہ پہنچے۔ وہ جسے چاہیں گرفتاری میں لے لیں اور انپر کوئی قابو نہ پا سکے۔ یہ دیکھو، دین کے زعیم دنیا کے زعیم بن گئے ہیں۔ انہوں نے اپنی عادت گاہوں کو چوروں کا ٹھکان بنا لیا ہے کہ وہاں لوگوں کے مالوں کو جمع کرتے ہیں۔ پھر مسکینوں فقیروں کو تھوڑا سا بھی نہیں دیتے۔ یہ دیکھو یہ سارے لوگ حکام کی شہوتوں کے مددگار، قاضیوں کے ظلم کے معاون اور دینی رہنماؤں کی چوری کے حامی بن گئے ہیں لہٰذا ان سب پر عذاب الٰہی نازل ہو۔ خواہ بادشاہ ہوں یا رعایا۔ حاکم ہوں یا محکوم۔ چاہیئے یہ کہ حکومتوں کے تحت اُلٹ دیئے جائیں۔ عبادت گاہیں مسمار کر دی جائیں۔ عدالتیں توڑ دی جائیں۔ اور سارے شہر و دیہات نرم اور سخت زمینیں، ٹیلے اور نشیب برباد کر دیئے جائیں۔ اور زمین خونی سمندر میں ڈبو دی جائے۔ جس میں مرد اور عورتیں، بوڑھے اور بچے، نیک اور بد۔ مجرم و غیر مجرم سب ڈبو دیئے جائیں۔ اللہ نے ان پر ظلم نہیں کیا مگر وہی اپنے اوپر ظلم ڈھاتے ہیں۔ وہ ابھی اپنی دُعا سے فارغ نہیں ہُوا تھا کہ میں نے خون کا دریا جوش مارتے دیکھا۔ جیسے نوحؑ کی بددُعا کے دن طوفان نے جوش مارا تھا۔ پھر خون بہتا چلا گیا اور نیچے اترنے والے سیلاب کی طرح اچھلتا چلا گیا۔ اچانک زمین سُرخ بن گئی کہ ٹھاٹھیں مارتا دریا تھا اور ہر کھیتی۔ جانور۔ محل۔ جھونپڑے، حیوان اور انسان، بولنے اور نہ بولنے والے کو بہائے لیئے چلا جا رہا تھا۔ بعد ازاں مجھے احساس ہوا کہ وہ چڑھتا ہی چلا جاتا ہے، حتیٰ کہ اس ٹیلے سے اس کی موجیں ٹکرانے لگیں جس پر میں بیٹھا تھا۔ تو میں بڑے زور سے چیخا اور آنکھ کھل گئی۔

یہ خواب ۲۸ ماہ تموز (۲۸ جولائی ۱۹۱۴ء) کی صبح کا تھا اچانک میں نے بالا خانے کی کھڑکی تلے کسی کو پکارتے سُنا۔

خلاصہ قربانی

اس میں فرانس کی ایک ایسی عورت کی کہانی ہے جو غربت کے باوجود حسن کی دولت سے مالا مال ہوتی ہے۔ حوادثات زمانہ اسے طوائف بننے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ وہ بدکار ضرور تھی لیکن اس کے وجود میں ایک شریف دل تھا اور یہ زندگی صرف مجبوری کی بنا پر اختیار کئے ہوئے تھی لیکن اس کے حسن وجمال کا چرچا پورے پیرس میں ہے۔ نہ جانے اس حسن کو کسی کی نظر لگ جاتی ہے۔ وہ بیمار پڑ جاتی ہے ڈاکٹروں کی تشخیص کے مطابق اسے ٹی۔بی کا مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ اتفاق سے دوق نوبان نامی سے ملاقات ہوتی ہے۔ جب وہ دیکھتا ہے تو اُسے مارگریٹ میں اپنی مرنے والی بیٹی کی شبیہ نظر آتی ہے وہ اسے بیٹی بناتا ہے۔ اور یہ شریفانہ زندگی بسر کرنے لگتی ہے کبھی کبھار وہ سینما ہال چلی جاتی ہے۔ تاکہ بیماری کا خیال دُور ہو جائے۔ اور تھوڑی سی طبیعت بہل جائے۔ سینما ہال میں ہی کھانسی کا دورہ پڑتا ہے۔ اسے ایک اجنبی سہارا دیتا ہے اور پھر یہی اجنبی اپنا بن جاتا ہے اور اسکے بعد وہ دونوں ایک دوسرے کو ٹوٹ کر چاہتے لگتے ہیں۔ وہ نوجوان ارمان نامی نیس کے علاقہ سے تعلق رکھتا ہے۔ اور اپنا کچھ عرصہ پیرس میں گزارنے کے لئے آتا ہے۔ مارگریٹ کی یہ کوشش تھی کہ وہ عشق و محبت کے جال میں نہ پھنسے۔ لیکن اب تقدیر وار کر چکی تھی۔ اور وہ ارمان کی محبت میں پورے طور پر جکڑ چکی تھی۔ اس کے بغیر ایک پل بھی رہنا مارگریٹ کے لئے محال تھا۔ اور ارمان کی حالت بھی اس سے کچھ کم نہ تھی۔ مہربان ختم ہونے کے ساتھ ہی مارگریٹ قدرے روبصحت ہو گئی اور پھر انھوں نے پیرس سے کچھ دور ایک بستی بوجیفال میں الگ تھلگ قیام کا فیصلہ کر لیا۔ اور پھر وہیں رہنے لگے اور ان حسین ترین مقامات سے پورے طور پر لطف اندوز ہونے لگے۔ ارمان کے پاس پیسے ختم ہونے لگے تو اس نے اپنے

